5276CH03

# 3 ساجھے داری فرم کی تشکیل نو۔ ساجھے دار کی شمولیت

ساجھے داری دو یا دو سے زیادہ افراد کے درمیان ایک معاہدہ ہوتا ہے جوکسی کاروبار کے نفع اور نقصان کو اپنے مابین تقسیم کرنے کے لیے ان افراد کے ذریعہ کیا جاتا ہے۔ یہ کاروبار ان تمام افراد کے ذریعہ بھی چلایا جاسکتا ہے یا ان سب کی طرف سے کسی ایک فرد کے ذریعہ بھی۔ یہ افراد ساجھے دار کہلاتے ہیں۔موجودہ معاہدے میں کوئی بھی تبدیلی ساجھے داری فرم کی تشکیل نو کا باعث بنتی ہے۔اس کے نتیجہ میں موجودہ معاہدہ کا خاتمہ ہوجاتا ہے اور ساجھے داری فرم کے ممبران کے درمیان ایک تبدیل کردہ تعلق کے ساتھ ایک نیا معاہدہ وجود میں آتا ہے۔بہر حال فرم چلتی رہتی ہے۔شرکا اکثر مختلف حالات جیسے نئے ساجھے دار کی شمولیت، نفع نقصان کے تناسب میں تبدیلی، ساجھے دار کی سبک دوشی، موت یا دیوالیہ ہوجانے پر فرم کی تشکیل نو کرتے ہیں۔اس باب میں ہم ان تمام حالات کے بارے میں مختصراً اور نئے ساجھے دار کی شمولیت یا تقسیم منافع کے تناسب میں تبدیلی کے لیے کھاتہ داری عمل آوری کے بارے میں تفصیل سے مطالعہ کریں گے۔

**سیکھنے کے مقاصد**

اس باب کے مطالعہ کے بعد آپ اس قابل ہوجائیں گے کہ:

- ساجھے داری فرم کی تشکیل نو کے تصو اور اس کے طریقوں کی وضاحت کرسکیں
- ان امور کی نشان دہی کرسکیں جن کا ایڈجسٹمنٹ ساجھے دار کی شمولیت کے وقت فرم کی کتابوں میں ضروری ہوجاتا ہے۔
- تقسیم منافع کے نئے تناسب کا تعین اور ایثاری تناسب کا حساب کرسکیں۔
- ساکھ(good will) کی تعریف بیان کرسکیں اور اس کو متاثر کرنے والے عوامل بیان کرسکیں۔
- بیان کرسکیں کہ ساجھے دار کی شمولیت پر مختلف حالات میں ،ساکھ کے ساتھ کھاتہ داری عمل آوری (treatment) کیسے ہو گی۔
- اثاثوں اور ذمہ داریوں کے ازسرنو اندازۂ قدر کا ضروری ایڈجسٹمنٹ کرسکیں۔
- جمع شدہ نفع اور نقصان کا ضروری ایڈجسٹمنٹ کرسکیں۔
- تقسیم منافع کے نئے تناسب کے مطابق اگر مطلوب ہوتو ہر ساجھے دار کے سرمائے کا تعین اورضروری ایڈجسٹمنٹ کرسکیں۔
- موجودہ شرکا کے درمیان نفع اور نقصان تناسب میں ہونے والی تبدیلی کا ضروری ایڈجسٹمنٹ کرسکیں۔

© NCERT Not to be Republished

## 3.1 ساجھے داری فرم کی تشکیل نو کے طریقے

ساجھے داری فرم کی تشکیل نو عموماً حسب ذیل حالات میں سے کسی ایک کے تحت ہوتی ہے:

**نئے ساجھے دار کی شمولیت:** نئے ساجھے دار کو فرم میں اس وقت شامل کیا جاتا ہے جب فرم کو مزید سرمایے یا انتظامی تعاون کی ضرورت ہوتی ہے۔ پارٹنر شپ ایکٹ 1932 کی دفعات کے مطابق ایک نئے ساجھے دار کو اسی وقت فرم میں شامل کیا جا سکتا ہے جب تمام موجودہ شرکا اس کے لیے متفق ہوں الّا یہ کہ معاہدہ نامہ میں کوئی دوسری صورت بیان کر دی گئی ہو۔ مثلاً ہری اور حق ساجھے دار ہیں اور ان کا تناسب تقسیم منافع 3:2 ہے۔ 1 اپریل 2017 کو وہ جان کو منافع کے (حساب) 1/6 حصہ کے لیے فرم میں ساجھے دار بناتے ہیں۔ اس تبدیلی کے ساتھ ہی اب فرم میں تین ساجھے دار ہیں اور فرم کی تشکیل نو ہو چکی ہے۔

**موجودہ شرکا کے درمیان نفع اور نقصان کے تناسب میں تبدیلی:** بعض اوقات فرم کے ساجھے دار تقسیم منافع کے لیے اپنے موجودہ تناسب میں تبدیلی کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں۔ ایسا فرم میں موجودہ شرکا کے رول میں تبدیلی کے باعث بھی ہو سکتا ہے۔ مثلاً رام، موہن اور سوہن ایک فرم میں شرکا ہیں اور 3:2:1 کے تناسب میں نفع و نقصان کو تقسیم کرتے ہیں۔ 1 اپریل 2017 سے انھوں نے منافع کو مساوی طور پر تقسیم کرنے کا فیصلہ کیا کیونکہ سوہن مزید سرمایہ لے آیا تھا۔ اس کے نتیجہ میں موجودہ معاہدے میں تبدیلی ہو جاتی ہے اور فرم کی تشکیل نو ہوتی ہے۔

**موجودہ ساجھے دار کی سبک دوشی:** اس سے مراد ایک ساجھے دار کا فرم کے کاروبار سے اخراج ہے جو کہ اس کی خراب صحت، بڑھاپا یا کاروباری دلچسپی میں تبدیلی کے باعث ہو سکتا ہے۔ درحقیقت، اگر ساجھے داری کی بنیاد اپنی مرضی پر ہو تو ساجھے دار کسی وقت بھی خود کو فرم کی ساجھے داری سے الگ کر سکتا ہے مثلاً رائے، روی اور راؤ ایک فرم میں ساجھے دار ہیں اور منافع کو 2:2:1 کے تناسب میں تقسیم کرتے ہیں۔ بیمار ہو جانے کے باعث روی نے 31 مارچ 2007 کو فرم سے سبک دوشی حاصل کی اس کے نتیجہ میں فرم کی تشکیل نو ہوئی اور اب فرم کے صرف دو شرکا ہیں۔

**ساجھے دار کی موت:** ایک ساجھے دار کی موت پر بھی ساجھے داری کی تشکیل نو ہو سکتی ہے بشرطیکہ بقیہ شرکا فرم کے کاروبار کو پہلے ہی کی طرح جاری رکھنے کا فیصلہ کریں۔ مثلاً x، y اور z ایک فرم میں ساجھے دار ہیں اور منافع کو 3:2:1 کے تناسب میں تقسیم کرتے ہیں۔ 31 مارچ 2017 کو x کا انتقال ہو گیا۔ y اور z نے کاروبار کو مستقبل میں جاری رکھنے اور منافع کو مساوی طور پر اپنے درمیان تقسیم کرنے کا فیصلہ کیا۔ y اور z کے ذریعہ کاروبار کو مستقبل میں جاری رکھنے اور منافع کو مساوی طور پر تقسیم کرنے سے فرم کی تشکیل نو ہوتی ہے۔

© NCERT Not to be Republished

## 3.2 نئے ساجھے دار کی شمولیت

جب فرم کو اپنے کاروبار کی توسیع کے لیے مزید سرمایہ یا انتظامی تعاون کی ضرورت ہوتی ہے تو موجودہ وسائل میں اضافہ کرنے کے لیے ساجھے داروں کو شامل کیا جا سکتا ہے۔ پارٹنر شپ ایکٹ 1932 کے مطابق، نئے ساجھے دار کو تمام موجودہ شرکا کی رضامندی سے ہی شامل کیا جا سکتا ہے۔ نئے ساجھے دار کی شمولیت کے ساتھ ہی، ساجھے داری فرم کی تشکیل نو ہوتی ہے اور فرم کے کاروبار کو چلانے کے لیے ایک نیا معاہدہ کیا جاتا ہے۔

ایک نئے ساجھے دار کو فرم میں دو اہم حقوق حاصل ہوتے ہیں—

1۔ ساجھے داری فرم کے اثاثوں میں حصہ داری کا حق، اور

2۔ ساجھے داری فرم کے منافعوں میں حصہ داری کا حق۔

ساجھے داری فرم کے منافعوں اور اثاثوں میں حصہ داری کے حقوق کو حاصل کرنے کے لیے ساجھے دار ایک طے شدہ سرمایے کی رقم نقد یا جنس (kind) میں لاتا ہے۔ مزید برآں، ایک ایسی قائم شدہ فرم کی صورت میں جو کہ اپنے سرمایے پر عام شرح منافع سے زیادہ منافع کما رہی ہو نئے ساجھے دار کو کچھ اضافی رقم بھی لگانی پڑتی ہے جسے ساکھ یا پریمیم کہا جاتا ہے۔ ایسا نئے ساجھے دار سے فرم کے اضافی منافع (Super Profit) میں موجودہ شرکا کو ہونے والے نقصان کی تلافی کے لیے کیا جاتا ہے۔

© NCERT Not to be Republished

نئے ساجھے دار کی شمولیت کے وقت مدنظر رکھے جانے والے دیگر اہم نکات مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ تقسیم منافع کا نیا تناسب (New Profit Sharing ratio)

2۔ ایثاری تناسب (Sacrificing ratio)

3۔ ساکھ کا اندازۂ قدر اور ایڈجسٹمنٹ (Valuation and adjustment of good will)

4۔ اثاثوں کا مکرر یا از سر نو اندازۂ قدر اور دین داریوں کا تعین (Revaluation of assets and Reassessment of Liablities)

5۔ جمع شدہ منافعوں/محفوظات کی تقسیم (Distribution of accumulated profits)(Resevers)

6۔ شرکا کے سرمایوں کا ایڈجسٹمنٹ (Adjustment of partner's Capitals)

## 3.3 تقسیم منافع کا نیا تناسب

جب نیا ساجھے دار فرم میں شمولیت اختیار کرتا ہے تب وہ منافع میں اپنا حصہ پرانے یا موجودہ شرکا سے حاصل کرتا ہے۔ دوسرے الفاظ

میں، نئے ساجھے دار کی شمولیت پر پرانے شرکا اپنے منافع کے حصہ کی قربانی/ ایثار نئے ساجھے کے لیے کرتے ہیں۔لیکن نئے ساجھے کا حصہ کیا ہوگا اور موجودہ شرکا سے وہ اسے کیسے حاصل کرے گا اس بات کا فیصلہ نئے اور موجودہ شرکا کے درمیان باہمی طور پر کیا جاتا ہے۔لیکن اگر اس بات کا فیصلہ نہ کیا گیا ہو کہ پرانے شرکا سے نیا ساجھے دار کیسے اپنا حصہ حاصل کرے گا ایسی صورت میں یہ فرض کیا جاتا ہے کہ وہ اسے ان کے درمیان منافع کی تقسیم کے تناسب میں حاصل کرتا ہے۔کوئی بھی صورت ہو، نئے ساجھے دار کی شمولیت پر، پرانے شرکا کے درمیان منافع کی تقسیم کے تناسب میں تبدیلی ہوتی ہے اور یہ تبدیلی آنے والے شریک کے منافع کے تناسب میں ان کی بالترتیب حصہ داری کو مدنظر رکھتے ہوئے ہوتی ہے۔اسی لیے تمام شرکا کے درمیان تقسیم منافع کا نیا تناسب معلوم کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔اس کا انحصار اس بات پر ہوتا ہے کہ نیا ساجھے دار پرانے شرکا سے اپنا حصہ کیسے حاصل کرتا ہے جس کے کئی امکانات ہوتے ہیں۔آیئے، ہم اس بات کو مندرجہ ذیل مثالوں کی مدد سے سمجھتے ہیں:

## مثال 1

انل اور وشال ساجھے دار ہیں اور 3:2 کے تناسب میں منافع تقسیم کرتے ہیں۔انھوں نے سُمت کو فرم کے مستقبل کے منافع میں 1/5 حصہ کے لیے نئے ساجھے دار کے طور پر شامل کیا۔انل، وشال اور سمت کے درمیان منافع کی تقسیم کا نیا تناسب معلوم کیجیے۔

**حل:**

سمت کا حصہ $= \frac{1}{5}$

بقیہ حصہ $= 1-\frac{1}{5} = \frac{4}{5}$

انل کا نیا حصہ $= \frac{3}{5}$ کا $\frac{4}{5} = \frac{12}{25}$

وشال کا نیا حصہ $= \frac{2}{5}$ کا $\frac{4}{5} = \frac{8}{25}$

انل، وشال اور سمت کے درمیان تقسیم منافع کا نیا تناسب 5:8:12 ہوگا۔

**نوٹ:** یہ فرض کیا گیا ہے کہ نیا ساجھے دار پرانے شرکا سے اپنا حصہ پرانے تناسب میں حاصل کرتا ہے۔

## مثال 2

اکشے اور بھارتی ساجھے دار ہیں اور 2:3 کے تناسب میں منافع کو تقسیم کرتے ہیں۔انھوں نے فرم کے مستقبل کے منافع میں 1/5 حصہ

© NCERT Not to be Republished

کے لیے دنیش کو نیا ساجھے دار بنایا جو کہ اپنا حصہ اکشے اور بھارتی سے مساوی طور پر حاصل کرتا ہے۔ اکشے، بھارتی اور دنیش کے تقسیم منافع کا نیا تناسب معلوم کیجیے۔

**حل:**

دنیش کا حصہ $= \frac{1}{5}$ یا $\frac{2}{10}$

اکشے کا حصہ $= \frac{3}{5} - \frac{1}{10} = \frac{5}{10}$

بھارتی کا حصہ $= \frac{2}{5} - \frac{1}{10} = \frac{3}{10}$

اکشے، بھارتی اور دنیش کے درمیان تقسیم منافع کا نیا تناسب 2:3:5 ہوگا۔

## مثال 3

انشو اور نیتو ساجھے دار ہیں اور 2:3 کے تناسب میں منافع کو تقسیم کرتی ہیں اور انھوں نے 3/10 حصہ کے لیے جیوتی کو ساجھے دار بنایا جس نے اپنا حصہ 2/10 انشو سے اور 1/10 نیتو سے حاصل کیا۔ انشو، نیتو اور جیوتی کے درمیان تقسیم منافع کا نیا تناسب معلوم کیجیے۔

**حل:**

جیوتی کا حصہ $= \frac{3}{10}$

انشو کا نیا حصہ $= \frac{3}{5} - \frac{2}{10} = \frac{4}{10}$

نیتو کا نیا حصہ = پرانا حصہ – حصہ سے دستبرداری۔

$= \frac{2}{5} - \frac{1}{10} = \frac{3}{10}$

انشو، نیتو اور جیوتی کے درمیان تقسیم منافع کا نیا تناسب 3:3:4 ہوگا۔

## مثال 4

رام اور شیام ایک فرم میں ساجھے دار ہیں اور 2:3 کے تناسب میں منافع تقسیم کرتے ہیں۔ انھوں نے گھن شیام کو نئے ساجھے دار کے طور

© NCERT Not to be Republished

پر شامل کیا۔ گھن شیام کے حق میں رام اپنے حصہ کے 1/4 اور شیام اپنے حصہ کے 1/3 سے دستبردار ہوتا ہے۔ رام، شیام اور گھن شیام کے تقسیم منافع کا نیا تناسب معلوم کیجیے۔

**حل:**

| | | |
|---|---|---|
| رام کا م پرانا حصہ | = | $\frac{3}{5}$ |
| حصہ جس سے رام دستبردار رہوا | = | $\frac{1}{4}$ کا $\frac{3}{5} = \frac{3}{20}$ |
| رام کا نیا حصہ | = | $\frac{3}{5} - \frac{3}{20} = \frac{9}{20}$ |
| شیام کا پرانا حصہ | = | $\frac{2}{5}$ |
| حصہ جس سے شیام دستبردار رہوا | = | $\frac{1}{3}$ کا $\frac{2}{5} = \frac{2}{15}$ |
| شیام کا نیا حصہ | = | $\frac{2}{5} - \frac{2}{15} = \frac{4}{15}$ |
| گھن شیام کا نیا حصہ | = | رام کے ذریعے کیا گیا ایثار + شیام کے ذریعے کیا گیا ایثار |
| | = | $\frac{3}{20} + \frac{2}{15} = \frac{17}{60}$ |

رام، شیام اور گھن شیام کے درمیان تقسیم منافع کا نیا تناسب 17:16:27 ہوگا

© NCERT Not to be Republished

## مثال 5

داس اور سنہا ایک فرم میں ساجھے دار ہیں اور 1:4 کے تناسب میں منافع کو تقسیم کرتے ہیں۔ انھوں نے پال کو منافع میں 1/4 حصہ کے لیے نئے ساجھے دار کے طور پر شامل کیا جو کہ اپنا تمام کا تمام حصہ داس سے حاصل کرتا ہے۔ شرکا کے درمیان تقسیم منافع کا نیا تناسب معلوم کیجیے۔

**حل:**

پال کا حصہ = $\frac{1}{4}$

داس کا نیا حصہ = پرانا حصہ - حصہ سے دستبرداری

$$\frac{4}{5}-\frac{1}{4}-\frac{11}{20}$$

سنہا کا نیا حصہ $= \frac{1}{5}$

داس، سنہا اور پال کے درمیان تقسیم منافع کا نیا تناسب 11:4:5 ہوگا۔

## 3.4 ایثاری تناسب (Sacrificing ratio)

وہ تناسب جس میں پرانے شرکا نئے آنے والے ساجھے دار کے حق میں اپنے منافع کے حصہ کی قربانی دینے پر رضامند ہوتے ہیں ایثاری تناسب کہلاتا ہے۔ ایک ساجھے دار کے ذریعہ کیا گیا ایثار برابر ہوتا ہے:

**منافع کا نیا حصہ - منافع کا پرانا حصہ**

**(Old Share of Profit–New Share of Profit)**

جیسا کہ پہلے بیان کیا گیا، فرم کے اضافی منافع میں پرانے شرکا کے حصہ کے نقصان کی تلافی نئے ساجھے دار کو کرنی ہوتی ہے اور اس کے لیے وہ ایک اضافی رقم لاتا ہے جسے پریمیم یا ساکھ کہتے ہیں۔ یہ رقم موجودہ شرکا اس تناسب میں تقسیم کرتے ہیں جس تناسب میں وہ نئے ساجھے دار کے لیے اپنے حصہ سے دستبردار ہوئے ہیں۔ اس تناسب کو ایثاری تناسب کہا جاتا ہے۔

عام طور پر یہ تناسب شرکا کے درمیان واضح طور پر متفقہ ہوتا ہے جو کہ پرانا تناسب، مساوی ایثار یا ایثاری تناسب بھی ہوسکتا ہے۔ مشکل وہاں پیدا ہوتی ہے جہاں یہ مذکور نہیں ہوتا کہ نئے ساجھے دار نے پرانے شرکا سے کس تناسب میں اپنا حصہ حاصل کیا ہے۔ اس کے بجائے منافع کی تقسیم کا نیا تناسب دیا گیا ہوتا ہے۔ ایسی صورت حال میں، ہر ساجھے دار کے نئے حصہ میں سے اس کے پرانے حصہ کو نفی کر کے ایثاری تناسب معلوم کیا جاتا ہے۔ مثال 6 تا 8 پر نظر ڈالیے اور دیکھیے کہ ایسی صورت میں ایثاری تناسب کیسے معلوم کیا گیا ہے۔

## مثال 6

روہت اور موہت ایک فرم میں ساجھے دار ہیں اور 3:5 کے تناسب میں منافع تقسیم کرتے ہیں اور انھوں نے بی جوائے کو منافع میں 1/4 حصہ کے لیے شریک کیا ہے۔ تقسیم منافع کا نیا تناسب 4:2:1 کا ہوگا۔ روہت اور موہت کا ایثاری تناسب معلوم کیجیے۔

© NCERT Not to be Republished

**حل:**

روہت کا پرانا حصہ $= \frac{5}{8}$

روہت کا نیا حصہ $= \frac{4}{7}$

روہت کا ایثار $= \frac{5}{8} - \frac{4}{7} = \frac{3}{56}$

موہت کا پرانا حصہ $= \frac{3}{8}$

موہت کا نیا حصہ $= \frac{2}{7}$

موہت کا ایثار $= \frac{3}{8} - \frac{2}{7} = \frac{5}{56}$

روہت اور موہت کے درمیان ایثاری تناسب 3:5 ہوگا۔

© NCERT Not to be Republished

## مثال 7

امر اور بہادر ایک فرم میں ساجھے دار ہیں اور 3:2 کے تناسب میں منافع کو تقسیم کرتے ہیں۔ انھوں نے 1/4 حصہ کے لیے میری کو ساجھے دار بنایا۔ امر اور بہادر کے درمیان تقسیم منافع کا نیا تناسب 2:1 ہوگا۔ ان کا ایثاری تناسب معلوم کیجیے۔

**حل:**

میری کا حصہ $= \frac{1}{4}$

بقیہ حصہ $= 1 - \frac{1}{4} = \frac{3}{4}$

یہ 3/4 حصہ امر اور بہادر کے درمیان 1:2 کے تناسب میں تقسیم ہونا ہے۔ اس لیے؛

امر کا نیا حصہ $= \frac{2}{3}$ کا $\frac{3}{4} = \frac{6}{12}$ یا $\frac{2}{4}$

بہادر کا نیا حصہ $= \frac{1}{3}$ کا $\frac{3}{4} = \frac{3}{12}$ یا $\frac{1}{4}$

امر، بہادر اور میری کے درمیان تقسیم منافع کا نیا تناسب 1:1:2 ہوگا۔

امر کا ایثار = $\frac{2}{4} - \frac{3}{5} = \frac{2}{20}$

بہادر کا نیا حصہ = $\frac{1}{4} - \frac{2}{5} = \frac{3}{20}$

امر، بہادر اور میری کے درمیان تقسیم منافع کا نیا تناسب 2:3 ہوگا۔

## مثال 8

رمیش اور سریش ایک فرم میں ساجھے دار ہیں اور 4:3 کے تناسب میں منافع تقسیم کرتے ہیں انھوں نے موہن کو نئے ساجھے دار کے طور پر شامل کیا۔ رمیش، سریش اور موہن کے درمیان منافع کی تقسیم کا نیا تناسب 2:3:1 کا ہوگا۔ پرانے شرکا کا فائدہ یا ایثار معلوم کیجیے۔

© NCERT Not to be Republished

**حل:**

رمیش کا پرانا حصہ = $\frac{4}{7}$

رمیش کا نیا حصہ = $\frac{2}{6}$

رمیش کا ایثار = $\frac{2}{6} - \frac{4}{7} = \frac{10}{42}$

سریش کا نیا حصہ = $\frac{3}{6}$

سریش کا پرانا حصہ = $\frac{3}{7}$

سریش کا فائدہ = $\frac{3}{7} - \frac{3}{6} = \frac{3}{42}$

موہن کا حصہ = $\frac{1}{6}$ یا $\frac{7}{42}$

رمیش کا ایثار = سریش کا فایدہ + موہن کا فائدہ

= $\frac{7}{42} + \frac{3}{42} = \frac{10}{42}$

اس صورت حال میں، تمام کا تمام ایثار رمیش کے ذریعہ کیا گیا ہے۔

### اپنی فہم کی جانچ کیجیے-I

1۔ A اور B ساجھے دار ہیں اور 3:1 کے تناسب میں منافع کو تقسیم کرتے ہیں اور انھوں نے مستقبل کے منافع میں (حساب) حصہ کے لیے C کو شریک کیا۔ تقسیم منافع کا نیا تناسب ہوگا۔

(a) A $\frac{9}{16}$، B $\frac{3}{16}$، C $\frac{4}{16}$

(b) A $\frac{8}{16}$، B $\frac{4}{16}$، C $\frac{4}{16}$

(c) A $\frac{10}{16}$، B $\frac{2}{16}$، C $\frac{4}{16}$

(d) A $\frac{8}{16}$، B $\frac{9}{16}$، C $\frac{10}{16}$

2۔ X اور Y 2:3 کے تناسب میں منافع کو تقسیم کرتے ہیں۔ Z بطور ساجھے دار شامل کیا گیا جس کا حصہ 1/5 طے کیا گیا۔ Z، X سے 3/20 اور Y سے 1/20 حاصل کرتا ہے تو منافع کی تقسیم کا تناسب ہوگا:

(a) 9:7:4　(b) 8:8:4　(c) 6:10;4　(d) 10:6:4

3۔ A اور B کا نفع اور نقصان تناسب 1:3 ہے۔ C کو حصہ کے لیے ساجھے داری میں شامل کیا گیا۔ A اور B کا ایثاری تناسب ہے:

(a) مساوی　(b) 1:3　(c) 1:2　(d) 2:3

© NCERT Not to be Republished

## 3.5 ساکھ (Goodwill)

ساکھ ساجھے داری کھاتوں کا ایک مخصوص پہلو ہے جسے فرم کی تشکیل نو یعنی تقسیم منافع کے تناسب میں تبدیلی، ساجھے دار کی شمولیت یا موت یا سبک دوشی کے وقت ایڈجسٹمنٹ کی ضرورت ہوتی ہے۔

### 3.5.1 ساکھ کا مفہوم:

وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ بہتر طور پر قائم شدہ ایک کاروبار کو اچھے نام، شہرت اور وسیع کاروباری تعلقات کا فائدہ حاصل ہونے لگتا

ہے جس کی مدد سے کاروبار نئے طور پر قائم شدہ کاروبار کے مقابلہ میں زیادہ منافع کماتا ہے۔کھاتہ داری میں ایسے فائدے کی مالی قدرو قیمت (Monetary Value) کو'ساکھ' کہا جاتا ہے۔

اسے ایک غیر محسوس اثاثہ مانا جاتا ہے، دوسرے الفاظ میں، ساکھ، مستقبل میں متوقع عام منافعوں سے برتر اور اضافی منافع کے ضمن میں فرم کی شہرت کی قدرو قیمت ہے۔ عام طور پر یہ مشاہدہ کیا گیا ہے کہ جب ایک شخص ساکھ کے لیے ادائیگی کرتا ہے تب وہ دراصل کسی ایسی چیز کے لیے ادائیگی کرتا جو اسے ایسی حالت میں لے آئے کہ وہ ایک جیسی صنعت میں دوسری فرموں کے ذریعے کمائے گئے منافع کے مقابلہ میں اضافی منافع کمانے کے قابل ہو جائے۔

سادہ الفاظ میں، ساکھ کی تعریف یہ کی جاسکتی ہے کہ "یہ فرم کی متوقع اضافی کمائیوں کی موجودہ قدرو قیمت ہوتی ہے۔" "یا" یہ کسی کاروبار کی امتیازی منفعتی صلاحیت سے وابستہ شخص سرمائی (Capitalized Value) ہے۔ انگریزی میں ساکھ کی تعریف اس طرح ہوگی: "Goodwill is the capitalized value attached to the differential profit capacity of a business" اس طرح، ساکھ اسی وقت وجود میں آتی ہے جب فرم اضافی منافع کماتی ہے۔ ایسی فرم جو کہ نارمل منافع کماتی ہے یا نقصان اٹھاتی ہے اس کی کوئی ساکھ نہیں ہوتی۔

© NCERT Not to be Republished

## 3.5.2 ساکھ کی قدر و قیمت کو متاثر کرنے والے عوامل

ساکھ کی قدرو قیمت (Value) کو متاثر کرنے والے اہم عوامل حسب ذیل ہیں

1۔ کاروبار کی نوعیت: ایک فرم جو اضافی قدرو قیمت والی اشیا یا مصنوعات بناتی ہے یا پھر ایسی اشیا جن کی مانگ مستقل طور پر ہوتی ہے وہ فرم زیادہ منافع کمانے کے قابل ہوتی ہے اس لیے اس کی ساکھ بھی بلند ہوتی ہے۔

2۔ محل وقوع: اگر کاروبار مرکزی مقام پر واقع ہوتا ہے یا ایک ایسی جگہ واقع ہوتا ہے جہاں گاہکوں کی آمدورفت زیادہ ہے تو اس کی ساکھ زیادہ اچھی ہوتی ہے۔

3۔ انتظامیہ کی بہتر کارگزاری: ایک بہتر انتظام اور اہتمام والے ادارے کو عام طور پر کم لاگت پر زیادہ پیداوار کرنے کا فایدہ حاصل ہوتا ہے جس کی وجہ سے منافع زیادہ ہوتا ہے اور اس لیے ساکھ کی قدرو قیمت بھی زیادہ ہوتی ہے۔

4۔ بازار کی حالت: محدود مسابقت یا اجارہ داری (Monopoly) کی صورت میں ادارہ زیادہ منافع کمانے کے قابل ہوتا ہے جس کی وجہ سے ساکھ کی قدرو قیمت بھی زیادہ ہوتی ہے۔

5۔ مخصوس فائدے: وہ فرم جس کے پاس اپنے ایکسپورٹ لائیسنس، بجلی کی کم قیمت پر یقینی سپلائی، خام مال کی سپلائی کے طویل مدتی معاہدے، معتبر شرکت کار (Collaborators)، پیٹینٹ، ٹریڈ مارکس وغیرہ جیسی سہولتیں حاصل ہوتی ہیں اس کی ساکھ کی قدر و قیمت بھی زیادہ ہوتی ہے۔

## 3.5.3 ساکھ کی کی قدروقیمت کا اندازہ لگانے کی ضرورت

عام طور پر کسی کاروبار کو فروخت کرتے وقت اس کی ساکھ کی قدر و قیمت کا اندازہ لگانے کی ضرورت پیدا ہوتی ہے لیکن، ساجھے داری فرم کی صورت میں یہ ضرورت حسب ذیل حالات میں بھی پیش آسکتی ہے۔

1۔ موجودہ ساجھے داروں کے درمیان تقسیم منافع کا تناسب

2۔ کسی ساجھے دار کی شمولیت

3۔ کسی ساجھے دار کی سبک دوشی

4۔ کسی ساجھے دار کی وفات

5۔ فرم کی تحلیل (Dissolution) جس میں ختم ہونے والے کاروبار کا فروخت ہونا بھی شامل ہے

6۔ فرموں کا انضمام

## 3.5.4 ساکھ کے کی قدروقیمت کا اندازہ لگانے کے طریقے

چونکہ ساکھ ایک غیر محسوس یا غیر مرئی اثاثہ ہے اس لیے اس کی ٹھیک ٹھیک مالی قدر و قیمت کا حساب لگانا نہایت مشکل ہے۔ ایک ساجھے داری فرم کی ساکھ کی قدر و قیمت کی تشخیص کے لیے مختلف طریقوں کا مشورہ دیا جاتا ہے۔

کسی ایک طریقے سے معلوم کی گئی ساکھ دوسرے طریقے سے معلوم کی گئی ساکھ سے مختلف ہوسکتی ہے اس لیے جس طریقے سے ساکھ کا حساب لگایا جاتا ہے اس کا فیصلہ موجودہ شرکا اور نئے آنے والے ساجھے دار کے مابین خصوصی طور پر کیا جا سکتا ہے۔

ساکھ کی صحیح قدر و قیمت کا تعین کرنے کے اہم طریقے درج ذیل ہیں

1۔ اوسط منافع کا طریقہ (Average profits method)

2۔ زائد یا اضافی منافع کا طریقہ (Super profits method)

3۔ سرمایے میں تبدیلی کرنے کا طریقہ (Capitalisation method)

© NCERT Not to be Republished

### 3.5.4.1 اوسط منافع کا طریقہ

اس طریقے کے تحت پچھلے چند برسوں کے اوسط منافع کی بنیاد پر طے شدہ برسوں کے حساب سے ساکھ کو آنکا جاتا ہے۔ یہ طریقہ اس مفروضے پر مبنی ہے کہ ایک نیا کاروبار اپنی کارکردگی کے ابتدائی چند برسوں میں کسی قسم کا منافع کمانے کے لائق نہیں ہوگا۔ اس لیے وہ شخص جو چلتے ہوئے کاروبار کو خریدے اسے ساکھ کی صورت میں ایک مخصوص رقم ادا کرنی پڑے گی جو ابتدائی چند برسوں کے ممکنہ منافع کے برابر ہوگی۔ اس لیے ساکھ کا حساب گذشتہ اوسط منافعوں کو ان سالوں سے ضرب دے کر لگانا چاہیے جن برسوں میں متوقع منافع حاصل ہونے کا امکان ہو۔ مثلاً اگر کسی فرم کے گذشتہ اوسط منافع کا حساب 20,000 روپیے ہوتا ہے اور آیندہ تین سال بھی اتنے ہی منافع کی توقع کی جاتی ہے تو ساکھ کی قدر و قیمت (3×20,000)=60,000 روپیے ہوگی۔

© NCERT Not to be Republished

## مثال 9

ایک فرم کے پانچ سالوں کا منافع اس طرح ہے — سال 2013-4,00,000 روپیے، سال 2014-3,98,000 روپیے، سال 2015-4,50,000 روپیے، سال 2012-4,45,000 روپیے اور سال 2017-5,00,000 روپیے۔ پچھلے 5 سال کے اوسط منافع پر مبنی چار سال کی خریداری کی بنیاد پر ساکھ کی قدر کا حساب لگایئے۔

**حل:**

| سال | منافع (روپیے) |
|---|---|
| 2013 | 4,00,000 |
| 2014 | 3,98,000 |
| 2015 | 4,50,000 |
| 2016 | 4,45,000 |
| 2017 | 5,00,000 |
| **میزان** | **21,93,000** |

×

اوسط منافع = $\frac{\text{گزشتہ 5 برسوں کا کل منافع}}{\text{برسوں کی تعداد 5}} = \frac{21,93,000}{5} = 4,38,600$

ساکھ = اوسط منافع × خریداری کیے گئے سالوں کی تعداد

= 4,38,600 روپیے × 4 = 17,54,400 روپیے

ساکھ کا مذکورہ شمار اس مفروضے پر مبنی ہے کہ مستقبل میں منافع کی مجموعی صورت حال میں کسی تبدیلی کی توقع نہیں ہے۔

مذکورہ بالا مثال سادہ اوسط پر مبنی ہے۔ بعض اوقات، اگر گھٹتے ہوئے رجحان پر بڑھتا ہوا رجحان موجود ہو جو گزشتہ سالوں کے مقابلے میں موجودہ سالوں کے منافع کو زیادہ اہمیت دینا بہتر خیال کیا جاتا ہے۔ متعلقہ سال کے منافع کے لیے مخصوص اہمیتوں مثلاً 1، 2، 3، 4 کی بنیاد پر اہمیت دیا گیا اوسط معلوم کیا جاتا ہے۔ بہرحال، اہمیت دیے گئے اوسط (weighted average) کو صرف اسی وقت استعمال کرنا چاہیے جب ایسا کرنے کی تصریح کر دی گئی ہو۔ (دیکھیے مثال 10 اور 11)

## مثال 10

پانچ سالوں میں فرم کا منافع حسب ذیل ہے:

| سال | منافع (روپئے) |
|---|---|
| 2012-13 | 20,000 |
| 2013-14 | 24,000 |
| 2014-15 | 30,000 |
| 2015-16 | 25,000 |
| 2016-17 | 18,000 |

© NCERT Not to be Republished

اہمیت دیے گئے اوسط منافعوں کی 3 سال کی خرید کی بنیاد پر ساکھ کی قدر معلوم کیجیے۔ اہمیت دیے گئے اوسط منافعوں کی بالترتیب 1، 2، 3، 4 اور 5 اہمیت پر مبنی ہیں۔

**حل:**

| سال آخر 31 مارچ | منافع (روپئے) | اہمیت (weight) | حاصل ضرب (Product) |
|---|---|---|---|
| 2012-13 | 20,000 | 1 | 20,000 |
| 2013-14 | 24,000 | 2 | 48,000 |
| 2014-15 | 30,000 | 3 | 90,000 |
| 2015-16 | 25,000 | 4 | 1,00,000 |
| 2016-17 | 18,000 | 5 | 90,000 |
| | | 15 | 3,48,000 |

اہمیت شدہ اوسط منافع = $\frac{3,48,000}{15}$ روپے = 23،200 روپے

ساکھ = 23200 روپے × 3 = 69600 روپے

## مثال 11

گذشتہ چار برسوں کے اہمیت شدہ اوسط منافع کی 3 سال کی خرید پر فرم کی ساکھ کا حساب لگایئے۔ گذشتہ چار برسوں کا منافع تھا: 2012-20,200 روپیے، 2013-24,800 روپیے، 2014-20,000 روپیے، اور 2015-30,000 روپیے؛ ہر سال کے منافع کو اہمیت دی گئی ہے:.1-2012; 2-2013; 3-2014; 4-2015

آپ کو حسب ذیل معلومات بھی دی جاتی ہیں:

1۔ 1 ستمبر 2014 کو پلانٹ کی مرمت کا کام 6,000 روپیے میں کیا گیا جسے ریونیو سے چارج کیا گیا تھا۔ مذکورہ رقم کو ساکھ کی تشخیص قدر (Valuation) کے لیے کیپٹلائز (اصلیائی) کیا جانا ہے اور اس پر گھٹتے ہوئے بیلنس کے طریقہ (reducing balance method) سے 10% سالانہ کی فرسودگی (depreciation) کا ایڈجسٹمنٹ کرنا ہے۔

2۔ سال 2013 کے اختتامی اسٹاک کی 2400 روپیے زیادہ قدر لگا دی گئی تھی۔

3۔ ساکھ کی تشخیص قدر (Valuation) کے مقصد سے 4800 روپیے کا ایک سالانہ خرچ انتظامی لاگت کو پورا کرنے کے لیے بنانا ہے۔

## حل:

| ایڈجسٹمنٹ شدہ منافع کا حساب | 2010 (روپئے) | 2011 (روپئے) | 2012 (روپئے) | 2013 (روپئے) |
|---|---|---|---|---|
| دیا گیا منافع نفی<br>انتظامی لاگت | 20,200<br>4,800 | 24,800<br>4,800 | 20,000<br>4,800 | 30,000<br>4,800 |
| جمع: سرمایہ اخراجات<br>ریونیو سے چارج کیے گئے | 15,400<br>- | 20,000<br>- | 15,200<br>6,000 | 25,200<br>- |
| نفی: نہ لگائی گئی فرسودگی | 15,400<br>- | 20,000<br>- | 21,200<br>200 | 25,200<br>580 |
| نفی: اختتامی اسٹاک کی قدر و قیمت کا زیادہ اندازہ | 15,400<br>- | 20,000<br>2,400 | 21,000<br>- | 24,620<br>- |
| جمع: اختتامی اسٹاک کی قدر و قیمت کا زیادہ اندازہ | 15,400<br>- | 17,600<br>- | 21,000<br>2,400 | 24,620<br>- |
| **ایڈجسٹمنٹ شدہ منافع** | **15,400** | **17,600** | **23,400** | **24,620** |

©NCERT Not to be Republished

**اہمیت شدہ اوسط منافعوں کا حساب**

| سال | منافع | اہمیت | حاصل ضرب |
|---|---|---|---|
| 2012 | 15,400 | 1 | 15,400 |
| 2013 | 17,600 | 2 | 35,200 |
| 2014 | 23,400 | 3 | 70,200 |
| 2015 | 24,620 | 4 | 98,480 |
| **میزان** | | **10** | **2,19,280** |

اہمیت شدہ اوسط منافع = $\frac{2,19,280}{10}$ روپے = 21,928 روپے

ساکھ = 21,928×3 روپے = 65,784 × 3 روپے

حل کے نوٹس (Notes to Solution)

(i) 2014 کی فرسودگی = 4 ماہ کے لیے 6,000 روپے کا 10%

= 6,000 روپے × $\frac{10}{100} \times \frac{4}{12}$ = 200 روپے

(ii) 2015 کی فرسودگی = 6,000 روپے کا 10%– ایک سال کے 200 روپے

= 5,800 روپے × $\frac{10}{100}$ + 580 روپے

(iii) 2014 کا اختتامی اسٹاک سال 2015 کے لیے ابتدائی اسٹاک ہو جائے گا۔

### 3.5.4.2 زائد منافع کا طریقہ (Super Profit Method)

اوسط منافع کے طریقوں میں ساکھ کے حساب کا بنیادی مفروضہ یہ ہوتا ہے کہ نئے کاروبار کے آغاز پر چند برسوں تک منافع نہیں کمایا جا سکے گا۔ چنانچہ موجودہ کاروبار کے خریدار کو ساکھ کی صورت میں ایک رقم ادا کرنی پڑتی ہے جو آئندہ چند برسوں میں حاصل ہونے والے منافع کے برابر ہو۔

قابلِ ذکر بات یہ ہے کہ خریدار کا اصل منافع، مجموعی منافع میں نہیں ہوتا۔ یہ منافع کی ان رقوم تک محدود ہوتا ہے جو اسی طرح کے کاروبار میں لگے ہوئے سرمایہ کے نارمل ریٹرن (Normal return on Capital) سے زیادہ ہو۔ اس لیے بہتر یہ ہوتا ہے کہ ساکھ کا اندازہ قدر زائد منافع (Excess Profits) کی بنیاد پر کیا جائے نہ کہ حقیقی منافع (actual Profit) کی بنیاد پر۔ نارمل

© NCERT Not to be Republished

منافع پر حقیقی منافع کے زاید حصہ کا نام سپر منافع یا اضافی منافع ہے۔

$$\text{نارمل منافع} = \frac{\text{برسر کار سرمایہ (کیپٹل ایمپلائڈ)} \times \text{نارمل حاصل اصل}}{100}$$

فرض کیجیے کوئی فرم 1,50,000 روپیہ کے سرمایے پر 18,000 روپیہ کماتی ہے اور ریٹرن کی نارمل شرح 10% ہے تو نارمل منافع (10/100×1,50,000)=15,000 روپیہ نکلے گا۔ اس صورت میں زائد منافع (Super Profit) (18,000 روپیہ –15,000) 3,000 روپیہ ہوگا۔ زائد منافع (Super Profit) کے طریقہ کے تحت ساکھ کی تحقیق زاید منافع کو مخصوص سالوں کی تعداد کی خریداری سے ضرب دے کر کی جاتی ہے۔ اگر مذکورہ بالا مثال میں یہ توقع کی جاتی ہے کہ مستقبل میں زائد منافع کا فائدہ 5 برس تک رہے گا تو ساکھ کی قدر (5×3,000)=15,000 روپیہ ہوگی۔ یہ طریقہ حسب ذیل اقدامات پر مشتمل ہے:

(i) اوسط منافع کا حساب لگائیے۔

(ii) ریٹرن کی نارمل شرح کی بنیاد پر کاروبار میں لگے سرمایے پر نارمل منافع کا حساب لگائیے۔

(iii) اوسط منافع سے نارمل منافع کو گھٹا کر زائد منافع (Super Profit) کا حساب لگائیے۔ اور

(iv) زائد منافع کو مقررہ سالوں کی خریداری سے ضرب دے کر ساکھ کا حساب لگائیے۔

## مثال 12

ایک کاروبار کے بہی کھاتے دیکھنے سے پتا چلتا ہے کہ 31 دسمبر 2015 کو کاروبارے میں لگا سرمایہ 5,00,000 روپیہ تھا اور گذشتہ 5 برسوں کے منافع 2012 – 40,000 روپیہ، 2013 – 50,000 روپیہ، 2014 – 5,500 روپیہ، 2015– 70,000 روپیہ اور 2016 – 85,000 روپیہ تھے۔ کاروبار کے زاید منافع کی 3 سال کی خریداری کی بنیاد پر ساکھ کی قدر معلوم کیجیے جب کہ ریٹرن کی نارمل شرح 10% ہے۔

**حل:**

$$\text{نارمل منافع} = \frac{\text{کاروبار میں لگا سرمایہ} \times \text{ریٹرن کی نارمل شرح}}{100} = \frac{5,00,000 \times 10}{100} = 50,000 \text{ روپیہ}$$

© NCERT Not to be Republished

اوسط منافع:

| سال | منافع (روپئے) |
|---|---|
| 2011 | 40,000 |
| 2012 | 50,000 |
| 2013 | 55,000 |
| 2014 | 70,000 |
| 2015 | 85,000 |
| **میزان** | **3,00,000** |

اوسط منافع = 3,00,000/5 روپیے = 60000 روپیے

زائد منافع = 60,000 روپیے – 50,000 روپیے = 10,000 روپیے

ساکھ = 10,000 روپیے × 3 = 30000 روپیے

## مثال 13

انو اور بینو کی فرم کا سرمایہ 1,00,000 روپیے ہے اور بازار میں سود کی شرح 15% ہے۔ ہر ایک ساجھے دار کی سالانہ تنخواہ 6,000 روپیے ہے۔ گذشتہ 3 سالوں کا منافع تھا 30,000 روپیے، 36,000 روپیے اور 42,000 روپئے، ساکھ گذشتہ 3 سالوں کے اوسط سپر منافع کی 2 سال کی خریداری پر معلوم کرنا ہے۔ فرم کی ساکھ کا حساب لگایئے۔

## حل:

سرمایہ پر سود $= 1,00,000 \times \frac{15}{100}$ = 15,000 روپیے ......(i)

جمع: ساجھے دار کی تنخواہ = روپیے 2 × 6,000 = 12,000 روپیے ......(ii)

نارمل منافع (i+ii) = 27,000

اوسط منافع = 30,000 روپیے + 36,000 روپیے + 42,000 روپیے = $\frac{1,08,000}{3}$ روپیے

= 36,000 روپیے

زائد منافع = اوسط منافع – نارمل منافع

= 36,000 روپیے – 27,000 روپیے

© NCERT Not to be Republished

= 9000روپے

ساکھ = زائد منافع×خریداری کے سالوں کی تعداد

= 9000روپے×2

= 18000روپے

### 3.5.4.3 سرمائے میں بدلنے کا طریقہ (Capitalisation Method)

اس طریقہ کے تحت ساکھ کا حساب دو طریقہ سے لگایا جاتا ہے: (a) اوسط منافع کو سرمائے میں تبدیل کر کے (b) زائد منافع کو سرمایے میں تبدیل کر کے۔

(a) اوسط منافع کو سرمائے میں تبدیل کر کے: اس طریقہ میں ریٹرن کی نارمل شرح کی بنیاد پر اوسط منافع کی اصلیائی قدر (Capitallized Value) میں سے کاروبار میں لگے ہوئے حقیقی سرمایے (خالص اثاثہ جات) کو گھٹا کر ساکھ کی قدر کا پتہ لگایا جاتا ہے۔ اس میں درج ذیل اقدامات ہوتے ہیں:

(i) گذشتہ چند برسوں کی کارکردگی کی بنیاد پر اوسط منافع کا تعین

(ii) ریٹرن کی نارمل شرح کی بنیاد پر اوسط منافع کو بطریق ذیل اصلیانا یعنی سرمایے میں تبدیل کرنا:

**اوسط منافع×100/ریٹرن کی نارمل شرح**

(iii) کل اثاثہ جات (ساکھ کو چھوڑ کر) میں سے بیرونی ذمہ داریوں کو گھٹا کر کاروبار میں لگے حقیقی سرمایے (خالص اثاثہ جات) کا پتہ لگانا۔

**کاروبار میں لگا سرمایہ=کل اثاثے (ساکھ کو مستثنیٰ کر کے)۔بیرونی ذمہ داریاں**

(iv) کاروبار کی کل قدر (value) میں سے خالص اثاثہ جات کو گھٹا کر ساکھ کی قدر کی معلوم کرنا۔

© NCERT Not to be Republished

## مثال 14

گذشتہ چند برسوں میں ایک کاروبار 1,00,000 روپے کا اوسط منافع ہوا۔ اس طرح کے کاروبار میں حاصل کی نارمل شرح 10% ہے۔ اصلیائی طریقہ (کیپٹلائزڈ میتھڈ) کی بنیاد پر ساکھ کی قدر معلوم کیجیے جب کہ کاروبار کے خالص اثاثوں کی قدر 8,20,000 روپے ہے۔

**حل:** اوسط منافع کی اصلیائی قدر (کیپٹلائزڈ ویلو)

$$= \frac{100 \times 1{,}00{,}000}{10}$$ روپے = 10,00,000 روپے

ساکھ = اصلیائی قدر۔خالص اثاثہ جات

8,20,000–10,00,000 =

= 1,80,000 روپے

(b)زائد منافع کو اصلیانہ: زائد منافع کو براہِ راست اصلیا کر بھی ساکھ کو معلوم کیا جاسکتا ہے۔اس طریقے کے تحت اوسط منافع کی اصلیائی قدر کو معلوم کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ یہ طریقہ حسب ذیل اقدامات پر مشتمل ہے۔

(i) فرم کا برسر کار سرمایہ معلوم کیجیے، جو کہ کل اثاثہ جات (نفی بیرونی ذمہ داریوں) کے مساوی ہوتا ہے۔

(ii) برسر کار سرمایہ پر نارمل منافع معلوم کیجیے۔

(iii) گذشتہ سالوں کا اوسط منافع معلوم کیجیے۔

(iv) اوسط منافع میں سے نارمل منافع کو گھٹا کر زائد منافع معلوم کیجیے۔

(v) درکار حاصل کی شرح سے زائد منافع کو ضرب دیجیے۔یعنی

**ساکھ= زائد منافع×100 حاصل کی نارمل شرح**

دوسرے الفاظ میں، ساکھ زائد منافعوں کی اصلیائی قدر (کیپٹلائزڈ ویلو) ہے۔اس طریقے کے ذریعے معلوم کی گئی ساکھ کی رقم اوسط منافع کو سرمایے میں تبدیل کرنے کے طریقہ سے معلوم کی گئی ساکھ کی رقم جتنی ہی ہوگی۔

مثلاً، مثال 14 میں دیے گئے اعداد و شمار کو استعمال کر کے جہاں اوسط منافع 1,00,000 روپے، اور نارمل منافع 82,000 روپے (8,20,000 روپے کا 10%) ہے۔زائد منافع 18,000 روپے 1,00,000 روپے –82,000 روپے نکالا جائے گا اور ساکھ، 18,000 روپے $\times \frac{100}{10}$ = 1,80,000 روپے ہوگی۔

## مثال15

1۔گذشتہ پانچ برسوں کے اوسط منافع کی تین سال کی خرید پر فرم کی ساکھ کا حساب لگائیے۔گذشتہ پانچ برسوں کے منافع مندرجہ ذیل ہیں۔

| سال | منافع (نقصان) روپیے |
|---|---|
| 2012 | 10,000 |
| 2013 | 15,000 |
| 2014 | 4,000 |
| 2015 | (5,000) |
| 2016 | 6000 |

© NCERT Not to be Republished

2۔ فرم کا میں لگاہوا سرمایہ 1,00,000 روپیے ہے اور ریٹرن کی نارمل کی شرح 8% ہے۔گذشتہ 5 برسوں کا اوسط منافع 12,000 روپیے ہےاور ساکھ زائد منافع کی 3 سال کی خرنداری پر معلوم کرنی ہے۔

3۔ راما برادرس 2,00,000 روپیے کا سرمایہ لگا کر 30,000 روپیے کا اوسط منافع کماتے ہیں۔کاروبار میں ریٹرن کی نارمل شرح 10% ہے۔زائد سرمائے کو اصلیانے کے طریقہ کو استعمال کر کے فرم کی ساکھ کی قدر معلوم کیجیے۔

## حل:

1۔ کل منافع = 10,000 روپیے + 15,000 روپیے + 4,000 روپیے + 6,000 روپیے − 5,000 روپیے = 30,000 روپیے

اوسط منافع = 30,000/5 روپیے = 6,000 روپیے

ساکھ = اوسط منافع ×3 = 6,000×3 روپیے = 18,000 روپیے

2۔ اوسط منافع = 12,000 روپیے

نارمل منافع = 1,00,000 روپیے × $\frac{8}{100}$ = 8,000 روپیے

زائد منافع = اوسط منافع − نارمل منافع = 12,000 روپیے − 8,000 روپیے = 4,000 روپیے

ساکھ = زائد منافع ×3 = 4,000 روپیے ×3 = 12,000 روپیے

3۔ نارمل منافع = × 2,00,000 روپیے × 10/100 = 20,000 روپیے

زائد منافع = اوسط منافع − نارمل منافع = 30,000 روپیے − 20,000 روپیے = 10,000 روپیے

ساکھ = زائد منافع ×100 (نارمل حاصل کی شرح) = 10/100×10,000 = 1,00,000 روپیے۔

© NCERT Not to be Republished

### 3.5.5 ساکھ کا تصفیہ (Treatment of Goodwill)

جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے کہ نیا ساجھے دار موجودہ ساجھے داروں سے منافع میں اپنا حصہ وصول کرتا ہے۔اس لیے اسے ان کی مالی تلافی کرنی پڑتی ہے۔اس مقصد کے لیے یا تو وہ اپنے حصہ کی ساکھ کی رقم (پریمیم) نقد لاتا ہے یا وہ اس پر رضامند ہوتا ہے کہ ایک ساکھ کھاتہ کھول لیا جائے جس میں پرانے ساجھے داروں کو ضروری جمع (کریڈٹ) اندراج دے دیا جائے۔اس طرح نئے ساجھے دار کی شمولیت کے موقع پر ساکھ کا تصفیہ دو طریقوں سے (i) پریمیم کے طریقے سے (2) از سر نو اندازہ قدر کے طریقے سے کیا جا سکتا ہے:

3.5.5.1 پریمیم کا طریقہ (Premium method)

اس طریقے پر اس وقت عمل ہوتا ہے جب نیا ساجھے دار اپنے حصہ کی ساکھ کی رقم نقد لاتا ہے۔ پریمیم کی رقم کو پرانے ساجھے داروں میں ان کے ایثار کے تناسب کے حساب سے تقسیم کر دیا جاتا ہے۔ اگر یہ رقم نیا ساجھے دار، پرانے ساجھے داروں کو براہِ راست ادا کر دے تو فرم کی کتابوں میں کوئی اندراج نہیں ہوتا لیکن اگر رقم کی ادائیگی فرم کے ذریعہ ہو تو درج ذیل روزنامچہ اندراجات ہوں گے:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| (i) | نقد کھاتہ | Dr. | | |
| | ساکھ کھاتہ کے لیے | | | |
| | (نئے ساجھے دار کے ذریعہ لائی گئی پریمیم کی رقم) | | | |
| | ساکھ کھاتہ | Dr. | | |
| | موجودہ ساجھے دار کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | | | |
| | (موجودہ ساجھے داروں کے درمیان ان کے ایثاری تناسب میں ساکھ کو تقسیم کیا گیا) | | | |

بصورت دیگر، اس کو نئے ساجھے دار کے سرمایہ کھاتہ میں جمع (کریڈٹ) کیا جاتا ہے اور پھر موجودہ ساجھے داروں کے درمیان ان کے ایثاری تناسب سے ایڈجسٹمنٹ کر دیا جاتا ہے۔ اس صورت میں درج ذیل روزنامچہ اندراجات ہوں گے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| (i) | نقد کھاتہ | Dr. | | | |
| | نیا ساجھے دار کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | | | | |
| | (اپنی ساکھ کے حصہ کے لیے نئے ساجھے دار کے ذریعے لائی گئی رقم) | | | | |
| (ii) | نیا ساجھے دار کا سرمایہ کھاتہ | Dr. | | | |
| | موجودہ ساجھے دار کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | | | | |
| | (نئے ساجھے دار کے ذریعے لائی گئی ساکھ کی رقم پرانے ساجھے داروں میں ان کے ایثاری تناسب میں) | | | | |

اگر ساجھے داروں اپنے سرمایہ کھاتوں میں جمع شدہ (Credited) رقم کو کاروبار میں روکے رکھنے کا فیصلہ کرتے ہیں تب کسی مزید اندراج کی ضرورت نہیں ہوتی۔ لیکن اگر وہ رقوم کو کاروبار لے نکال سے جانا چاہتے ہیں تو پھر مندرجہ ذیل اندراجات ریکارڈ کیے جائیں گے۔

موجودہ ساجھے دار کا سرمایہ کھاتہ (انفرادی طور پر)
موجودہ ساجھے داروں کا سرمایہ کھاتہ
نقد کھاتہ کے لیے

© NCERT Not to be Republished

To Cash A/c
(ساکھ کی رقم موجودہ ساجھے داروں کے ذریعے نکالی گئی)

## مثال16

سنیل اور دلیپ ایک فرم میں 5:3 کے تناسب میں نفع نقصان میں حصے دار ہیں۔ سچن فرم کے منافع کے 1/5 حصہ پر کاروبار میں شامل ہوتا ہے۔ اس کو 20,000 روپے بطور سرمایہ اور 4,000 روپیے ساکھ کے حصے کے طور پر لانے ہیں۔ ضروری روزنامچہ اندراجات بتائیے۔

(a) جب کہ ساکھ کی رقم کو کاروبار میں ہی رہنے دیا جائے۔
(b) جب کہ ساکھ کی تمام رقم نکال لی جائے۔
(c) جب کہ ساکھ کی 50% رقم نکال لی جائے۔

## حل:

(a) جب کہ پرانے ساجھے داروں کے کھاتوں میں جمع کی جانے والی ساکھ کی رقم کاروبار میں ہی رہنے دی جائے۔

### سنیل اور دلیپ کی کتابیں روزنامچہ

| تاریخ | تفصیلات | L. F. | نام/ڈیبٹ (روپیے) | جمع/کریڈٹ (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| (i) | نقد کھاتہ<br>سچن کے سرمایہ کھاتہ کے لیے<br>ساکھ کھاتہ کے لیے<br>(سچن کے ذریعہ سرمائے اور ساکھ کی مد میں لائی گئی رقم) | | 24,000 | <br>2,00,000<br>4,000 |
| (ii) | ساکھ کھاتہ<br>سنل کے سرمایہ کھاتہ کے لیے<br>دلیپ کے سرمایہ کھاتہ کے لیے<br>(5:3 کے تناسب میں سنیل اور دلیپ کو منتقل شدہ ساکھ) | | 4,000 | <br>2,500<br>1,500 |

نوٹ: یہاں ایثاری تناسب وہی ہے جو کہ منافع کی تقسیم کا پرانا تناسب تھا۔

(b) جب پرانے ساجھے داروں کے کھاتوں میں جمع کی جانے والی ساکھ کی تمام رقم نکال لی جائے۔

© NCERT Not to be Republished

**روزنامچہ** (Journal)

| تاریخ | تفصیلات | | لیجر فولیو | جمع (کریڈٹ) (روپیے) | نام (ڈیبٹ) (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | مندرجہ بالا (a) کی طرح | | | | |
| 2. | مندرجہ بالا (a) کی طرح | | | | |
| 3. | سنیل کا سرمایہ کھاتہ A/c | Dr. | | | 2,500 |
| | دلیپ کا سرمایہ کھاتہ A/c | Dr . | | | 1,500 |
| | To Cash A/c | | | 4,000 | |
| | (سنیل اور دلیپ کے ذریعہ اپنے حصہ کے بقدر نکالی ہوئی نقد رقم) | | | | |

(c) جب پرانے ساجھے داروں کے کھاتوں میں جمع شدہ ساکھ 50% رقم نکال لی جائے

**روزنامچہ**

| تاریخ | تفصیلات | | لیجر | ڈیبٹ (روپیے) | کریڈٹ (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | مندرجہ بالا (a) کی طرح | | | | |
| 2. | مندرجہ بالا (a) کی طرح | | | | |
| 3. | سنیل کا سرمایہ کھاتہ | Dr. | | 1,250 | |
| | دلیپ کا سرمایہ کھاتہ | Dr . | | 750 | |
| | To Cash A/c | | | | 2,000 |
| | (ان کے ساکھ کے حصہ کی 50% نکالی ہوئی نقد رقم) | | | | |

## مثال 17

وجے اور سنجے 2:3 کے تناسب سے ایک فرم کے نفع اور نقصان میں حصہ دار ہیں وہ نفع کے 1/4 حصہ پر اجے کو ساجھے دار بناتے ہیں۔ اجے 30,000 روپیے بطور سرمایہ اور پریمیم کی مطلوبہ رقم لائے گا۔ فرم کی ساکھ کی قدر 20,000 روپیے ہے۔ اور منافع کا نیا تناسب 1:1:2 ہے۔ وجے اور سنجے اپنے حصہ کی ساکھ کی رقم نکال لیتے ہیں۔ روزنامچے کے ضروری اندراجات دکھایئے۔

© NCERT Not to be Republished

## حل:

(a) اجے اپنی ساکھ کے حصے (پریمیم) کے طور پر 5,000 روپیے (20000 کا 1/4) لائے گا۔

(b) ایثاری تناسب جیسا کہ ذیل میں حساب لگایا گیا 3:2 ہے۔

وجے کا پرانا تناسب 3/5 ہے اور نیا تناسب 2/4 لہٰذا اس کا ایثاری تناسب ہے۔

$$\frac{2}{4} = \frac{12-10}{20} = \frac{3}{5} - \frac{2}{4} =$$

سنجے کا پرانا تناسب 2/5 اور نیا تناسب 1/4 ہے۔ لہٰذا اس کا ایثاری تناسب

$$\frac{3}{20} = \frac{8-5}{20} = \frac{2}{5} - \frac{1}{4} =$$

© NCERT Not to be Republished

### وجے اور سنجے کی کتابیں روزنامچہ

| تاریخ | تفصیلات | | لیجرفولیو | جمع (کریڈٹ) (روپیے) | نام (ڈیبٹ) (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | نقد کھاتہ | Dr. | | 35,000 | |
| | اجے کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | | | | 30,000 |
| | ساکھ کھاتہ کے لیے | | | | 5,000 |
| | (اجے کی لائی ہوئی سرمائے اور ساکھ کی رقم) | | | | |
| 2. | ساکھ کھاتہ | Dr. | | 5,000 | |
| | وجے کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | | | | 2,000 |
| | سنجے کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | | | | 3,000 |
| | (اجے کے ذریعے لائی گئی ساکھ کی رقم جو وجے اور سنجے کے درمیان ان کے ایثاری تناسب کے مطابق تقسیم ہوئی) | | | | |
| 3. | وجے کا سرمایہ کھاتہ | Dr. | | 2,000 | |
| | سنجے کا سرمایہ کھاتہ | Dr. | | 3,000 | |
| | نقد کھاتہ کے لیے | | | | 5,000 |
| | (وجے اور سنجے کی اپنے حصہ کی ساکھ کی رقم) | | | | |

نوٹ: روزنامچہ اندراجات (1) اور (2) متبادل طور پر حسب ذیل بھی ہو سکتے ہیں۔

## وجےئ اور سنجے کی کتابیں

| کریڈٹ (روپیے) | ڈیبٹ (روپیے) | لیجر | تفصیلات | تاریخ |
|---|---|---|---|---|
| | 35,000 | | نقد کھاتہ | 1. |
| 35,000 | | | اجے کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | |
| | | | (اجے 3000 روپے بطور سرمایہ اور 5000 روپے بطور ساکھ لایا) | |
| | 5,000 | | اجے کا سرمایہ کھاتہ | 2. |
| 2,000 | | | وجے کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | |
| 3,000 | | | سنجے کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | |
| | | | (اجے کی لائی ہوئی ساکھ کی رقم وجے اور سنجے کے درمیان ان کے ایثاری تناسب 3:2 میں تقسیم) | |

جب کتابوں میں ساکھ پہلے ہی موجود ہو: ساکھ کا مذکورہ بالا تصفیہ (Treatment) اس مفروضے پر مبنی تھا کہ فرم کی کتابوں میں کوئی ساکھ موجود نہیں ہے۔ لیکن عین ممکن ہے کہ جب نیا ساجھے دار اپنے حصہ کی ساکھ کی رقم نقد لائے تو کتابوں میں پہلے ہی سے ساکھ کی کچھ رقم موجود ہو۔ اس صورت میں نئے ساجھے دار کی لائی ہوئی ساکھ کی رقم پرانے ساجھے داروں کے کھاتوں میں جمع کرنے کے بعد موجودہ ساکھ کو ان کے درمیان منافع کے پرانے تناسب کے مطابق نام میں درج کر کے اسے کتابوں سے خارج کر دیا جائے گا۔ البتہ اگر یہ طے پائے کہ ساکھ اپنی پرانی قدر کی حیثیت سے کتابوں میں دکھائی جاتی رہے گی تو نئے ساجھے دار کے ذریعہ لائی جانے والی رقم حسب تناسب گھٹائی جائے گی اور اس سے مطالبہ کیا جائے گا کہ وہ کتابوں میں پہلے سے چلی آرہی ساکھ کی رقم پر طے شدہ قدر کے اضافہ کا حصہ ہی نقد لائے۔

مثال 17 میں فرم کی ساکھ کی رقم 20,000 روپے آنکی گئی ہے۔ اجے جو کہ منافع کے 1/4 حصہ میں فرم کا ساجھے دار بنا ہے ساکھ کے حصے کے طور پر 5,000 روپے لاتا ہے۔ فرض کیجیے کہ کتابوں میں پہلے سے 10,000 روپے کی ساکھ موجود ہے۔ اس صورت میں اجے کی لائی ہوئی ساکھ کی رقم وجے اور سنجے کو جمع (کریڈٹ) کرنے کے بعد درج ذیل روزنامچہ اندراجات بھی ہوں گے تاکہ موجودہ ساکھ کی رقم کو خارج (Write off) کیا جائے۔

© NCERT Not to be Republished

| تاریخ | تفصیلات | | لیجرفولیو | نام(ڈیبٹ) (روپیے) | جمع (کریڈٹ) (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|
| | وجے کا سرمایہ کھاتہ | Dr. | | 6,000 | |
| | سنجے کا سرمایہ کھاتہ | Dr. | | 4,000 | |
| | ساکھ کھاتہ کے لیے | | | | 10,000 |
| | (پرانے تناسب کے مطابق ساکھ کی قلم زدگی (Write off) | | | | |

© NCERT not to be Republished

جب ساجھے دار پہلے سے موجود ساکھ کھاتہ کو جوں کا توں برقرار رکھنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو نئے ساجھے دار سے صرف یہ مطالبہ ہوگا کہ وہ کتابی قدر (Book Value) اور مجموعی قدر (Total Value) کے درمیان جو فرق ہو اسی کو اپنی ساکھ کے حصے کے طور پر لائے بہ الفاظ دیگر اجے سے صرف 2,500 روپیہ یعنی 10,000 روپیے کا 1/4 (Rs. 20,000–Rs.10,000) لانے کے لیے کہا جائے گا۔ یہ رقم پرانے ساجھے داروں میں ان کے ایثاری تناسب سے جمع کردی جائے گی اور ساکھ کی موجودہ رقم کو خارج کرنے کے لیے کسی قسم کا اندراج نہیں ہوگا۔

## مثال 18

شری کانت اور رمن ایک فرم میں ساجھے دار ہیں اور 2:3 کے تناسب میں نفع اور نقصان کو تقسیم کرتے ہیں۔ انھوں نے وینکٹ کو منافع میں 1/3 حصہ کے لیے ساجھے دار بنانے کا فیصلہ کیا۔ وینکٹ 30,000 روپیے کی رقم بطور سرمایہ لایا۔ اس نے اپنے حصہ کی ساکھ کے لیے ضروری رقم لانے کا وعدہ بھی کیا۔ شمولیت کی تاریخ پر، ساکھ کی قدر 24,000 روپیے آنکی گئی اور 12,000 روپیے کا ساکھ کھاتہ پہلے سے ہی کتابوں میں موجود تھا۔ وینکٹ اپنے حصہ کی ساکھ کے لیے ضروری رقم لے آیا اور اس نے اس بات پر اتفاق کیا کہ موجودہ ساکھ کھاتہ کو قلم زد (written off) کردیا جائے۔

فرم کی کتابوں میں ضروری روزنامچہ اندراجات دکھایئے۔

## حل:

### شری کانت اور رمن کی کتابیں

| تاریخ | تفصیلات | لیجر | نام(ڈیبٹ) (روپیے) | جمع (کریڈٹ) (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| 1. | نقد کھاتہ Dr. | | 38,000 | |
| | ونکٹ کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | | | 30,000 |
| | ساکھ کھاتہ کے لیے | | | 8,000 |
| | (وینکٹ کے ذریعہ اپنے حصہ کی ساکھ اور سرمائے کی رقم لائی گئی) | | | |
| 2. | ساکھ کھاتہ Dr. | | 8,000 | |
| | سری کانت کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | | | 4,800 |
| | رمن کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | | | 3,200 |
| | (وینکٹ کے ذریعہ لائی گئی ساکھ کی رقم کو پرانے ساجھے داروں کے درمیان ان کے ایثاری تناسب میں تقسیم کیا گیا) | | | |
| 3. | سری کانت کا سرمایہ کھاتہ Dr. | | 7,200 | |
| | رمن کا سرمایہ کھاتہ Dr. | | 4,800 | |
| | ساکھ کھاتہ کے لیے | | | 12,000 |
| | (کتابوں میں پہلے سے دکھائی گئی ساکھ کو پرانے تناسب میں قلم زد کیا گیا) | | | |

© NCERT Not to be Republished

نوٹ: چونکہ اس بات کا ذکر نہیں ہے کہ نیا ساجھے دار اپنے منافع کا حصہ شری کانت اور رمن سے کس تناسب میں حاصل کرتا ہے۔ اس لیے یہ مان لیا گیا ہے کہ وہ وینکٹ کے حق میں اپنے منافع کے حصہ کو پرانے تناسب میں ہی ایثار کرتے ہیں جو کہ 3:2 ہے۔

### 3.5.5.2 از سرنو اندازۂ قدر کا طریقہ (Revaluation Method)

اس طریقے پر اس وقت عمل کیا جاتا ہے جب کوئی نیا ساجھے دار اپنی ساکھ کے حصے کی نقد رقم نہیں لاتا۔ ایسی صورت میں پرانے ساجھے داروں کو ان کے منافع کی تقسیم کے پرانے تناسب سے جمع (کریڈٹ) کر کے ساکھ کھاتہ کھولا جاتا ہے۔ جب کتابوں میں ساکھ کھاتہ کھولا جائے تو اس کی دو ممکن صورتیں ہیں۔

1۔ نئے ساجھے دار کی شمولیت کے وقت کتابوں میں ساکھ موجود نہیں ہوتی۔

2۔ کتابوں میں نئے ساجھے دار کی شمولیت کے وقت پہلے ہی سے ساکھ موجود ہوتی ہے۔

*(a)* کتابوں میں ساکھ موجود نہیں ہوتی: جب نئے ساجھے دار کی شمولیت کے وقت کتابوں میں ساکھ موجود نہ ہو تو ساکھ کھاتہ کل قدر (Full Value) پر کھولا جانا چاہیے۔ یہ کاروائی اس طرح ہوتی ہے کہ ساکھ کی رقم کو اس کی کل قدر پر ساکھ کھاتے میں ڈیبٹ کردیا جاتا ہے اور پرانے ساجھے داروں میں منافع کی تقسیم کے پرانے تناسب کے مطابق جمع (کریڈٹ) کردیا جاتا ہے۔ روزنامچہ اندراجات مندرجہ ذیل ہوتے ہیں۔

ساکھ کھاتہ Dr.
پرانے ساجھے دار کے کھاتہ کے لیے
(پرانے تناسب کے مطابق کل قدر پر بنائی گئی ساکھ)

اس طرح کھولا گیا ساکھ کھاتہ فرم کی بیلنس شیٹ میں اپنی پوری قدر سے دکھایا جاتا ہے۔

## مثال 19

آہوجہ اور بروا ایک فرم میں 3:2 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصہ دار ہیں اور منافع کے 1/5 حصہ کا چودھری کو کاروبار میں شریک کرلیتے ہیں۔ یہ حصہ اس کو آہوجہ اور بروا سے مساوی طور وصول ہوتا ہے۔ ساکھ کی رقم 30,000 روپے آنکی جاتی ہے۔ چودھری 16,000 روپے بطور سرمایہ لاتا ہے مگر ساکھ کی رقم ادا کرنے کی حیثیت نہیں رکھتا۔ فرم کی کتابوں میں ساکھ کھاتہ موجود نہیں ہے۔ ضروری روزنامچہ اندراجات ریکارڈ کیجیے۔

**حل:**

### آہوجہ اور بروا کی کتابیں روزنامچہ (جرنل)

| تاریخ | تفصیلات | لیجرفولیو | ڈیبٹ(نام) (روپیے) | جمع (کریڈٹ) (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| 1. | نقد کھاتہ Dr.<br>چودھری کے سرمایہ کھاتے کے لیے<br>(بطور سرمایہ لائی ہوئی رقم) | | 16,000 | <br>16,000 |
| 2. | ساکھ کھاتہ Dr.<br>اہوجہ کے سرمایہ کھاتہ کے لیے<br>بروا کے سرمایہ کھاتہ کے لیے<br>(پرانے تناسب مطابق کل قدر پر ساکھ) | | 30,000 | <br>18000<br>12000 |

نوٹ: بیلنس شیٹ میں ساکھ 30,000 روپے دکھائی جائے گی۔

© NCERT Not to be Republished

بعض اوقات ساجھے دار اپنے ساکھ کے حصہ کی کچھ ہی رقم لا پاتا ہے۔ ایسی صورت حال میں لائی گئی ساکھ کی رقم کو پرانے ساجھے داروں میں ان کے ایثاری تناسب میں تقسیم کر دینے کے بعد کتابوں میں ساکھ کھاتہ کھولا جاتا ہے۔ ساکھ کھاتہ نئے ساجھے دار کے ذریعے ساکھ کے نہ لائے گئے حصہ پر مبنی ہوتا ہے۔ مثلاً پوجا اور سندیپ ساجھے دار ہیں اور 3:3 کے تناسب میں منافع تقسیم کرتے ہیں۔ انھوں نے تشار کو منافع میں 1/3 حصہ کے لیے ساجھے دار بنایا۔ تشار کو 30,000 روپے بطور اپنے حصہ کی ساکھ کے لانے تھے۔ فرم کی ساکھ کی کل قدر 90,000 روپے آنکی گئی تھی۔ لیکن وہ اس ضمن میں 15,000 روپے ہی لایا۔ 15,000 روپے واجب الادا رہ گئے۔ اس صورت میں، پوجا اور سندیپ کے سرمایہ کھاتوں کو 15,000 روپے سے ان کے ایثاری تناسب میں کریڈٹ کرنے کے بعد 45,000 روپیے سے ساکھ کھاتہ کھولا جائے گا (اس کی کل قدر سے آدھی پر) اور اسے پرانے تقسیم منافع کے تناسب میں کریڈٹ کیا جائے گا۔

(b) کتابوں میں ساکھ کی پہلے سے موجودگی: اگر کتابوں کے ساکھ کھاتہ میں پہلے سے بیلنس موجود ہے تو پرانے ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتوں میں ساکھ کا ایڈجسٹمنٹ صرف اس فرق سے کیا جائے گا جو کہ کتابوں میں موجود ساکھ کی رقم اور ساکھ کی طے شدہ قدر کے درمیان ہے۔

ہوسکتا ہے کہ کتابوں میں دکھائی ہوئی ساکھ کی رقم اپنی طے شدہ قدر سے کم یا زیادہ ہو۔ اگر یہ طے شدہ قدر سے کم ہے تو ساکھ کی طے شدہ قدر اور کتابوں میں موجود ساکھ کی رقم کا فرق ساکھ کھاتے میں ڈیبٹ کر دیا جائے گا اور پرانے ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتوں میں منافع کی تقسیم کے ان کے پرانے تناسب کے حساب سے جمع (کریڈٹ) کر دیا جائے گا۔ تاہم اگر یہ طے شدہ قدر سے زائد ہے تو اس کے فرق کو پرانے ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتوں میں ان کے اپنے تناسب تقسیم منافع کے حساب سے نام (ڈیبٹ) میں لکھ دیا جائے گا اور ساکھ کھاتے میں جمع (کریڈٹ)۔ اس طرح اندراجات حسب ذیل ہوں گے:

(a) جب کہ کتابوں میں دکھائی گئی ساکھ کی قدر طے شدہ قدر سے کم ہو:

ساکھ کھاتہ (Goodwill A/c) Dr.

پرانے ساجھے دار کے سرمایہ کھاتوں کے لیے (فرداً فرداً) Dr.

(ساکھ کھاتہ طے شدہ، قدر پر کھولا گیا)

(b) جب کہ طے شدہ ساکھ کی قدر کتابوں میں دکھائی گئی قدر سے کم ہو:

© NCERT Not to be Republished

پرانے ساجھے دار کے سرمایہ کھاتوں کے لیے (فرداً فرداً) Dr.
ساکھ کھاتہ کے لیے Dr.
(ساکھ اپنی طے شدہ قدر پر کم کی گئی)

## مثال 20

رام اور رحیم ایک فرم کے نفع ونقصان میں 2:3 کے تناسب سے حصہ دار ہیں۔ راہل کاروبار میں شامل ہوتا ہے اور منافع کے 1/3 حصہ پر 10,000 روپے سرمایہ لاتا ہے۔ فرم کی ساکھ 30,000 روپے آنکی گئی ہے۔ درج ذیل صورتوں میں روزنامچہ اندراجات کیا ہوں گے۔

(a) جب کہ فرم کی کتابوں میں ساکھ کی نشاندہی نہ ہو۔

(b) جب کہ فرم کی کتابوں میں 15,000 روپے کی ساکھ دکھائی گئی ہو۔

(c) جب کہ فرم کی کتابوں میں ساکھ کھاتے میں 36,000 روپے دکھائے گئے ہوں۔

## حل:

(a) جب کہ کتابوں میں ساکھ کی نشان دہی نہ ہو:

### رام اور رحیم کی کتابیں روزنامچہ (جرنل)

| تاریخ | تفصیلات | لیجرفولیو | نام/ڈیبٹ (روپیے) | جمع/کریڈٹ (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| 1. | نقد کھاتہ Dr.<br>راہل کے سرمایہ کھاتے کے لیے<br>(بطور سرمایہ لائی ہوئی راہل کی رقم) | | 10,000 | 10,000 |
| 2. | ساکھ کھاتہ Dr.<br>رام کے سرمایہ کھاتہ کے لیے<br>رحیم کے سرمایہ کھاتہ کے لیے<br>(منافع کی تقسیم کے پرانے تناسب میں پوری قدر پر ساکھ بنائی گئی) | | 30,000 | 18,000<br>12,000 |

© NCERT Not to be Republished

(b) جب کتابوں میں 15,000 روپے کی ساکھ درج ہو

## جرنل

| نام/ڈیبٹ (روپیے) | جمع/ کریڈٹ (روپیے) | لیجر فولیو | تفصیلات | تاریخ |
|---|---|---|---|---|
| | 10,000 | | نقد کھاتہ Dr. | 1. |
| 10,000 | | | راہل کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | |
| | | | (بطور سرمایہ لائی ہوئی راہل کی رقم) | |
| | 15,000 | | ساکھ کھاتہ Dr. | 2. |
| 9,000 | | | رام کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | |
| 6,000 | | | رحیم کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | |
| | | | (اپنی پوری قدر پر بنائی گئی ساکھ 3:2 کے پرانے تناسب سے رام اور رحیم کے سرمایہ کھاتوں میں جمع) | |

(c) جب کہ کتابوں میں 36,000 روپے کی ساکھ دکھائی گئی ہو

## جرنل

| کریڈٹ (روپیے) | ڈیبٹ (روپیے) | لیجرفولیو | تفصیلات | تاریخ |
|---|---|---|---|---|
| | 10,000 | | نقد کھاتہ Dr. | 1. |
| 10,000 | | | راہل کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | |
| | | | (بطور سرمایہ لائی ہوئی راہل کی رقم) | |
| | 3,600 | | رام کا سرمایہ کھاتہ Dr. | 2. |
| | 2,400 | | رحیم کا سرمایہ کھاتہ Dr. | |
| 6,000 | | | ساکھ کھاتے کے لیے | |
| | | | (30,000 روپے تک نیچے لائی ہوئی ساکھ کی قدر) | |

© NCERT Not to be Republished

عام طور پر، جب فرم کی کتابوں میں ساکھ کھاتہ کھولا جاتا ہے تب اس کا اظہار طے شدہ قدر پر بیلنس شیٹ میں کیا جاتا ہے۔ تاہم اگر ساجھے دار یہ طے کرلیں کہ پرانے ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتوں میں ضروری ایڈجسٹمنٹ کے بعد ساکھ کی رقم کا اظہار فرم کی بیلنس شیٹ میں نہ کیا جائے تو اس کو قلم زد (Write off) کرنا پڑتا ہے۔ یہ کاروائی ساکھ کھاتے کو جمع (کریڈٹ) کرکے اور تمام ساجھے داروں (بشمول نئے ساجھے دار) کے سرمایہ کھاتوں میں ان کے نئے نفع نقصان تناسب کے مطابق ڈیبٹ کرکے عمل میں لائی جاتی ہے۔ اس تصفیہ (Treatment) کا خالص اثر یہ ہوگا کہ نئے ساجھے دار کا سرمایہ کھاتہ اس کے حصۂ ساکھ کی رقم کی حد تک ڈیبٹ ہوں گے اور پرانے ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتے ان کے ایثاری تناسب کے مطابق جمع (کریڈٹ) ہوں گے اور ساکھ کا کوئی بیلنس نہیں دکھایا جائے گا۔

## مثال 21

A اور B نفع اور نقصان میں برابر حصے دار ہیں۔ وہ C کو شراکت میں شامل کرتے ہیں اور 2:3:4 کا نیا تناسب طے پاتا ہے۔ C ساکھ کی رقم لانے سے معذور ہے البتہ وہ 25,000 روپے بطور سرمایہ لاتا ہے۔ فرم کی ساکھ 18,000 روپے آنکی جاتی ہے۔ C کی شمولیت پر روزنامچہ کے ضروری اندراجات بتایئے یہ فرض کرتے ہوئے کہ ساجھے دار بیلنس شیٹ میں ساکھ کا اظہار نہیں چاہتے۔

## حل:

### A اور B کی کتابیں روزنامچہ (جرنل)

| تاریخ | تفصیلات | لیجر فولیو | جمع/کریڈٹ (روپیے) | نام/ڈیبٹ (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| 1. | نقد کھاتہ Dr. | | 25,000 | |
| | سی کالایا ہوا سرمایہ | | | 25,000 |
| 2. | ساکھ کھاتہ Dr. | | 18,000 | |
| | اے کے سرمایہ کھاتے کے لیے | | | 9,000 |
| | (کل قدر پر بنائی گئی ساکھ) | | | 9,000 |
| 3. | اے کے سرمایہ کھاتہ Dr. | | 8,000 | |
| | بی کے سرمایہ کھاتہ Dr. | | 6,000 | |
| | سی کے سرمایہ کھاتہ Dr. | | 4,000 | |
| | (ساکھ قلم زد کی گئی) | | | 18,000 |

© NCERT Not to be Republished

مندرجہ بالا اندراجات (2) اور (3) کا خالص اثر یہ ہے کہ C کے سرمایہ کھاتے کے نام میں 4,000 روپیے درج کردیے گئے ہیں اور A اور B کے سرمایہ کھاتوں کو ان کے ایثاری تناسب سے بالترتیب 1,000 روپیے (جمع 9,000 روپیے - نام 8,000 روپیے) اور 3,000 روپیے (جمع 9,000 روپیے - نام 6,000 روپیے) سے جمع کردیا گیا اور ساکھ کی کوئی باقی نہیں ہوگی۔

بعض اوقات ساجھے دار کسی بھی کتاب میں ساکھ کھاتے کا اظہار نہیں چاہتے (حتی کہ روزنامچہ اور لیجر میں بھی نہیں)۔ اس صورت میں نئے ساجھے دار کے سرمایہ کھاتے میں اس کے ساکھ حصہ سے ڈیبٹ کا اندراج کر کے اور پرانے ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتوں کو ان کے ایثاری تناسب سے کریڈٹ کر کے ساکھ کے ایڈجسٹمنٹ کے لیے صرف ایک اندراج کردیا جاتا ہے۔ اگر مثال 21 میں ہم ساکھ کا تصفیہ اس طرح کرتے تو حسب ذیل اندراج کرنا پڑتا۔

| تاریخ | تفصیلات | لیجر فولیو | نام/ڈیبٹ (روپیے) | جمع/کریڈٹ (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| | سی کا سرمایہ کھاتہ Dr.<br>اے کے سرمایہ کھاتہ کے لیے<br>بی کے سرمایہ کھاتہ کے لیے<br>(C کی ساکھ کے حصے کا ایڈجسٹمنٹ) | | 4,000 | <br>1,000<br>3,000 |

ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتوں پر مندرجہ بالا اندراج کا بھی ویسا ہی اثر ہوگا جیسا کہ (2) اور (3) روزنامچہ اندراج کا ہوا تھا۔

© NCERT Not to be Republished

## باکس I

**کھاتہ داری معیار، 26 کا نفاذ: غیر مرئی اثاثہ**

یہ کھاتہ داری معیار اس وقت نافذ ہوتا ہے جب کوئی صرفہ غیر مرئی مد میں کھاتہ داری کی مدت کے دوران یکم اپریل 2003 کو یا اس کے بعد کیا جاتا ہے۔ اس معیار کے مطابق غیر مرئی اثاثہ کی AS 26 کے تحت تعریف یوں کی جاتی ہے: قابل تشخص، غیر مرئی اور طبعی وجود کے بغیر جیسے پروڈکٹس یا سامان کی سپلائی یا دیگر خدمات کے لئے کسی کو کرایہ پر دینے یا انتظامی مقصد کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

**AS26 ڈبلو آر ٹی غیر مرئی اثاثوں کی نمایاں ضروریات**

1۔ غیر مرئی اثاثہ کو اسی وقت تسلیم کیا جائے گا جب وہ AS260 کے تسلیم شدہ معیار پر پورا اترے گا۔
2۔ اگر کوئی غیر مرئی اثاثہ اس معیار پر پورا نہیں اترتا تو اسکی کوئی وقت نہیں ہوگی۔
3۔ اندورونی ساکھ کو اثاثہ نہیں سمجھا جائے گا۔
4۔ اندورونی برانڈ، رسائل میں مندرجہ مواد طباعت کے عنوان اور اسی طرح کے دیگر معراد کا شمار غیر مرئی اثاثے میں نہیں ہوگا۔
5۔ اندرونی طور سے پیدا کئے گئے اثاثے، ساکھ، برانڈ، رسائل میں مندرجہ مواد اور طباعت کے عنوان کو تسلیم کیا جا سکتا ہے بشرطیکہ وہ AS26 میں مذکور معیار پر پورے اترتے ہوں۔

## اپنی فہم کی جانچ کیجیے——II

درست متبادل کا انتخاب کیجیے:

1۔ نئے ساجھے دار کی شمولیت کے وقت، پرانی بیلنس شیٹ میں دکھایا گیا جرنل ریزرو منتقل کر دیا جاتا ہے:

(a) تمام ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتوں میں
(b) نئے ساجھے دار کے سرمایہ کھاتہ میں
(c) پرانے ساجھے دار کے سرمایہ کھاتہ میں
(d) مندرجہ بالا میں سے کوئی نہیں

2۔ آشا اور نشا ساجھے دار ہیں اور 2:1 کے تناسب میں منافع کو تقسیم کرتی ہیں۔ آشا کے بیٹے آسش کو 1/4 حصہ کے لیے ساجھے دار بنایا گیا۔ 1/8 حصہ آشا نے اپنے بیٹے کو دیا اور بقیہ حصہ نشا نے دیا۔ فرم کی ساکھ کی قدر 40,000 روپیے ہے۔ پرانے ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتوں میں ساکھ کی کتنی رقم جمع (کریڈٹ) کی جائے گی۔

(a) 2,500 روپیے ہر ایک کو
(b) 5,000 روپیے ہر ایک کو
(c) 20,000 روپیے ہر ایک کو
(d) مندرجہ بالا میں سے کوئی نہیں

3۔ A،B اور C ایک فرم میں ساجھے دار ہیں۔ اگر D کو نئے ساجھے دار کے طور پر شامل کیا جاتا ہے تب:

(a) پرانی فرم کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔
(b) پرانی فرم اور پرانی ساجھے داری کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔
(c) پرانی ساجھے داری کی تشکیل نو ہوتی ہے۔
(d) مندرجہ بالا میں سے کوئی نہیں۔

4۔ نئے ساجھے دار کی شمولیت پر اثاثہ جات کی قدر میں اضافہ کو نام (ڈیبٹ) کیا جاتا ہے۔

(a) نفع اور نقصان تصرف کھاتے سے
(b) اثاثہ جات کھاتے سے
(c) پرانے ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتے سے
(d) مندرجہ بالا میں سے کوئی نہیں

© NCERT Not to be Republished

5۔ نئے ساجھے دار کی شمولیت کے وقت، پرانی فرم کی بیلنس شیٹ میں دکھائے گئے غیر منقسم منافع (Undistributed profit) کو کس کے سرمایہ کھاتے میں منتقل کر دیا جاتا ہے:

(a پرانے ساجھے داروں کے کھاتے میں، منافع کی تقسیم کے پرانے تناسب میں۔

(b پرانے ساجھے داروں کے کھاتے میں، تقسیم منافع کے نئے تناسب میں۔

(c تمام ساجھے داروں کے کھاتے میں، منافع کی تقسیم کے نئے تناسب میں۔

© NCERT Not to be Republished

### 3.5.5.3 پوشیدہ ساکھ (Hidden Goodwill)

بعض اوقات، نئے ساجھے دار کی شمولیت کے وقت ساکھ کی قدر نہیں دی گئی ہوتی۔ ایسی صورت حال میں اسے منافع کی تقسیم کے تناسب اور سرمایے کو ترتیب دے کر نکالا جاتا ہے۔ فرض کیجیے A اور B ساجھے دار ہیں اور ان میں سے ہر ایک کا سرمایہ 45,000 روپے ہے۔ یہ مساوی طور پر نفع اور نقصان کو تقسیم کرتے ہیں۔ انھوں نے C کو 1/3 حصہ کے لیے نیا ساجھے دار بنایا۔ C سرمایے کے طور پر 60,000 روپے لایا۔ C کے منافع میں حصہ اور اس کے ذریعے لائی گئی رقم کی بنیاد پر نئی تشکیل شدہ فرم کا کل سرمایہ 1,80,000 (3×60,000 روپے) ہوگا۔ لیکن A، B اور C کا حقیقی کل سرمایہ 1,50,000 روپے (60000 روپے + 45000 روپے + 45000 روپے) بیٹھتا ہے۔ اس لیے یہ سمجھا جاتا ہے کہ یہ فرق جو کہ 30,000 روپے (150000 روپے – 180000 روپے) کا ہے ساکھ کی وجہ سے ہے۔ جو A اور B کے درمیان مساوی طور پر (پرانے تناسب) میں تقسیم کی جائے گی۔ اس کی وجہ سے ان دونوں کا سرمایہ کھاتہ بڑھ کر 60,000 روپے ہو جائے گا اور فرم کا کل سرمایہ 1,80,000 روپے ہوگا۔ بصورت دیگر، اگر ساکھ کا کھاتہ نہ کھولنا ہو تب C کے سرمایہ کھاتہ کو 1,000 روپے (اس کے حصہ کی ساکھ) سے نام (ڈیبٹ) کیا جائے گا اور A اور B دونوں کے سرمایہ کھاتوں کو 5,000 روپے سے جمع (کریڈٹ) کیا جائے گا اور فرم کا کل سرمایہ 50,000 روپے ہوگا۔

## مثال 22

ہیم اور نیم ایک فرم میں ساجھے دار ہیں اور 3:2 کے تناسب میں نفع و نقصان کو تقسیم کرتے ہیں۔ ان کے سرمایے بالترتیب 80,000 روپے اور 50,000 روپے ہیں۔ انھوں نے 1 جنوری 2017 کو سام کو مستقبل کے منافع میں 1/5 حصہ کے لیے نیا ساجھے دار بنایا۔ سام سرمایے کے طور پر 60,000 روپے لایا۔ فرم کی ساکھ کی قدر کا حساب لگایئے اور سام کی شمولیت پر ضروری روزنامچہ اندراجات کیجیے۔

## حل:

### فرم کی ساکھ کی قدر

سام کا سرمایہ = 60,000 روپے

سام کا حصہ = $\frac{1}{5}$

نئی فرم کا کل سرمایہ = 60,000 روپے × 5 = 3,00,000 روپے

ہیم کا + نیم کا + سام کا سرمایہ = 80,000 روپے + 50,000 روپے + 60,000 روپے

= 1,90,000 روپے

فرم کی ساکھ = 1,10,000 روپے = (3,00,000 – 1,90,000)

سام کا حصہ = 1,10,000 روپے × $\frac{1}{5}$ = 22,000 روپے۔

### ہیم، نیم اور سام کی کتابیں روزنامچہ (جرنل)

| تاریخ 2007 | تفصیلات | لیجر فولیو | نام/ڈیبٹ (روپیے) | جمع/کریڈٹ (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| 1. | بینک کھاتہ Dr. Dr. | | 60,000 | |
| | سام کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | | | 60,000 |
| | (سام کے ذریعہ بطور سرمایہ لائی گئی رقم) | | | |
| 2. | ساکھ کھاتہ Dr. Dr. | | 1,10,000 | |
| | ہیم کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | | | 66,000 |
| | نیم کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | | | 44,000 |
| | (سام کی شمولیت پر ہیم اور نیم کو دیا گیا کریڈٹ) | | | |

© NCERT Not to be Republished

بصورت دیگر، اگر ساکھ کا کھاتہ نہ کھولنا ہو، ساکھ کے لیے پاس کیا جانے والا دوسرا روز نامچہ اندراج حسب ذیل ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | سام کے سرمایہ کھاتہ | Dr. | | 22,000 | |
| | ہیم کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | | | | 13,200 |
| | نیم کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | | | | 8,800 |

## اسے خود کیجیے۔

1۔ ایک فرم کا گذشتہ تین برسوں کا منافع 5,00,000 روپیے، 4,00,000 روپیے اور 6,00,000 روپیے ہے۔ گذشتہ تین برسوں کے اوسط منافع کی چار سالوں کی خرئداری پر فرم کی ساکھ کی قدر کا حساب لگایئے۔ (جواب: 20,00,000)

2۔ ایک فرم کا گذشتہ پانچ سالوں کا منافع 20,000 روپیے، 30,000 روپیے، 40,000 روپیے، 50,000 روپیے اور 60,000 روپیے ہے۔ بالترتیب 1، 2، 3، 4 اور 5 کی اہمیت (weight) کا استعمال کر کے اہمیت شدہ منافعوں کی تین سال کی خریداری کی بنیاد پر فرم کی ساکھ کی قدر کا حساب لگایئے۔

3۔ 2013، 2014، 2015 اور 2016 کے دوران فرم کا منافع بالترتیب 16,000 روپیے، 20,000 روپیے، 24,000 روپیے اور 32,000 روپیے ہے۔ فرم نے کاروبار میں 1,00,000 روپیے کی سرمایہ کاری کی ہے۔ سرمایہ کاری پر ریٹرن کی نارمل شرح (Normal rate of returen)) 18% سالانہ ہے۔ گذشتہ چار سالوں کے اوسط زائد منافع (super profit) کی تین برسوں کی خرئداری کی بنیاد پر ساکھ کا حساب لگایئے۔ (جواب: 15,000 روپیے)

4۔ مندرجہ بالا سوال میں دیے گئے اعداد و شمار کی بنیاد پر، زائد منافع کو کیپٹلا ئزیشن (Capitalization) کے ذریعے ساکھ کا حساب لگایئے۔ کیا کیپٹلا ئزیشن کے ذریعہ معلوم کی گئی ساکھ کی رقم مختلف ہوگی؟ عددی تائید کے ذریعے اپنے جواب کی تصدیق کیجیے۔

5۔ گری اور شانتا ایک فرم میں ساجھے دار ہیں اور منافع کو مساوی طور پر تقسیم کرتے ہیں۔ انھوں نے فرم کے منافع میں 1/5 حصہ کے لیے کپرو کو ساجھے دار بنایا۔ کپرو سرمایے کے علاوہ 20000 روپیے ساکھ کے طور پر لایا۔ روز نامچہ اندراج کیا ہوگا اگر:

(a) فرم کی کتابوں میں ساکھ موجود نہ ہو۔

(b) فرم کی کتابوں میں 40,000 روپیے کی ساکھ دکھائی گئی ہو۔

6۔ A اور B ایک فرم میں ساجھے دار ہیں اور 3:2 کے تناسب میں منافع تقسیم کرتے ہیں۔ انھوں نے فرم کے منافعوں میں 1/5 حصہ کے لیے C کو ساجھے داری میں شریک کیا۔ فرم کی ساکھ 1,00,000 روپیے آنکی گئی۔ C اپنے حصہ کی ساکھ کی رقم نہیں لا سکا۔ روز نامچہ اندراجات کیا ہوں گے اگر:

(a) پوری قدر پر ساکھ کھاتہ کھولا جائے اور اس کے بعد اسے قلم زد (write off) کیا جائے۔

(b) ساکھ کھاتہ نہ کھولا جائے۔

© NCERT Not to be Republished

## 3.6 تسویات برائے جمع شدہ نفع اورنقصان
## (Adjustment for Accumulated profit and losses)

بعض اوقات فرم کے کچھ جمع شدہ منافع ہوتے ہیں یہ منافع ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتوں پر غیر منتقل شدہ ہوتے ہیں۔ عام طور پر یہ جرنل ریزرو، ریزوفنڈ اور نفع اور نقصان کھاتہ کی باقی کی شکل میں ہوتے ہیں۔ نئے ساجھے دار کا فرم کے ان جمع شدہ منافعوں پر کوئی حق نہیں ہوتا۔ ان کو پرانے ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتوں میں پرانے تناسب میں منتقل کرکے تقسیم کردیا جاتا ہے۔ اس طرح کچھ جمع شدہ نقصانات بھی ہوتے ہیں جو کہ فرم کی بیلنس شیٹ میں نفع اور نقصان کھاتہ کے ڈیبٹ بیلنس کی شکل میں دکھائے گئے ہوتے ہیں۔ ان کو بھی پرانے ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتوں میں منتقل کردیا جاتا ہے (دیکھئے مثال 23)

### مثال 23

راجندر اور سریندر ایک فرم میں ساجھے دار ہیں اور نفع ونقصان کو 4:1 کے تناسب میں تقسیم کرتے ہیں۔ 15 اپریل 2017 کو انھوں نے سریندر کو نیا ساجھے دار بنایا۔ اس تاریخ پر فرم کے نفع اور نقصان کھاتہ میں 10,000 روپے کا ڈیبٹ بیلنس تھا اور جرنل ریزرو میں 20,000 روپے کا بیلنس تھا۔ نفع اور نقصان کے ایڈجسٹمنٹ کے لیے ضروری روزنامچہ اندراج بتایئے۔

### حل:

**راجندر، سریندر اور نریندر کی کتابیں روزنامچہ**

| تاریخ 2007 | تفصیلات | لیجر فولیو | نام/ڈیبٹ (روپیے) | جمع/کریڈٹ (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| 15 اپریل | عمومی رزرو کھاتہ Dr. | | 20,000 | |
| | راجیندر کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | | | 16000 |
| | سریندر کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | | | 4000 |
| | (نریندر کی شمولیت پر راجندر اور سریندر کے سرمایہ کھاتے پر منتقل شدہ جرنل ریزرو بیلنس) | | | |
| | راجیندر کے سرمایہ کھاتہ Dr. | | 8,000 | |
| | سریندر کے سرمایہ کھاتہ Dr. | | 2,000 | |
| | نفع اور نقصان کھاتہ کے لیے | | | 10,000 |
| | (پرانے ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتوں پر منتقل شدہ نفع اور نقصان کھاتہ کا ٹیبٹ بیلنس) | | | |

© NCERT Not to be Republished

## 3.7 اثاثہ جات اور ذمے داریوں کا ازسرنو اندازۂ قدر

## (Revaluation of Assest and Reassessment of Liabilites)

نئے ساجھے دار کی شمولیت کے وقت اس بات کی تصدیق بہتر سمجھی جاتی ہے کہ آیا فرم کی کتابوں میں دکھائے گئے اثاثہ جات اپنی رواں قدر (Current Value) پر ہیں یا نہیں اگر ان کی قدر کم یا زیادہ ہوتی ہے تو اس صورت میں ان کا ازسرنو اندازۂ قدر کیا جاتا ہے۔ اسی طرح، ذمہ داریوں کی بھی ازسرنو تشخیص (Re-assessment) کی جاتی ہے تاکہ کتابوں میں ان کی صحیح قدر کو دکھایا جاسکے۔ بعض اوقات چند غیر مندرج اثاثہ جات اور ذمہ داریاں بھی ہوتی ہیں۔ ان کو بھی فرم کی کتابوں میں لایا جاتا ہے۔ اس مقصد کے لیے فرم کو ازسر اندازۂ قدر کھاتہ (Re-valuation Account) بنانا پڑتا ہے۔ ہر ایک اثاثہ اور ذمہ داری کے ازسرنو اندازۂ قدر پر ہونے والے فائدے یا نقصان کو اس کھاتہ پر منتقل کیا جاتا ہے اور آخر میں اس کی بیلنس کو پرانے ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتوں میں منافع کی تقسیم کے پرانے تناسب سے منتقل کردیا جاتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں، ازسرنو اندازۂ قدر کھاتہ کو اثاثہ کی قدر میں ہونے والے اضافہ اور ذمہ داری میں ہونے والی کمی کے ساتھ جمع (کریڈٹ) کیا جاتا ہے کیونکہ یہ فائدہ ہے۔ اسی طرح ازسرنو اندازۂ قدر کھاتے کو اثاثہ جات کی قدر میں ہونے والی کمی اور اس کی ذمہ داری میں ہونے والے اضافہ کے ساتھ ڈیبٹ کیا جاتا ہے کیونکہ یہ نقصان کی صورت ہے۔ مزید برآں، غیر مندرج اثاثہ جات کی ازسرنو قدر اندازی پر جمع (کریڈٹ) کرتے ہیں اور غیر مندرج ذمہ داریوں کو نام (ڈیبٹ) کرتے ہیں۔ اگر ازسرنو اندازۂ قدر کھاتہ آخر میں کریڈٹ بیلنس ظاہر کرتا ہے تو اس سے مراد خالص فائدہ ہوتا ہے اور اگر ڈیبٹ بیلنس ظاہر کرتا ہے تو اس سے مراد خالص نقصان ہوتا ہے جو کہ پرانے ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتوں میں پرانے تناسب کے اندر منتقل کردیا جاتا ہے۔

© NCERT Not to be Republished

اثاثہ جات اور ذمہ داریوں کے ازسرنو اندازۂ قدر کے لیے کیے جانے والے روزنامچہ اندراجات مندرجہ ذیل ہیں۔

(i) اثاثہ کی قدر میں اضافہ کے لیے۔

| | |
|---|---|
| اثاثے کھاتہ | Dr. |
| ازسرنو اندازہ قدر کھاتہ کے لیے | فائدہ(Gain) |

(ii) اثاثہ کی قدر میں کمی کے لیے

| | |
|---|---|
| ازسرنو اندازہ قدر کھاتہ | Dr. |
| ذمہ داری (نقصان) کے لیے | نقصان |

(iii) ذمہ داری کی رقم میں اضافہ کے لیے

| | |
|---|---|
| ازسرنو اندازہ قدر کھاتہ | Dr. |
| ذمہ داری (نقصان) کھاتہ کے لیے | نقصان |

(iv) ذمہ داری کی رقم میں کمی کے لیے

| | |
|---|---|
| ذمہ داری کھاتہ | Dr. |
| ازسرنو اندازہ قدر کھاتہ (نفع) کے لیے | فائدہ |

(v) غیر مندرج اثاثہ کے لیے

| | |
|---|---|
| اثاثے کھاتہ | Dr. |
| ازسرنو اندازہ قدر پر نفع کے لیے | فائدہ |

(vi) غیر مندرج ذمہ داری کے لیے

| | |
|---|---|
| ازسرنو اندازہ قدر کھاتہ | Dr. |
| غیر مندرج ذمہ داری کے لیے | نقصان |

(vii) ازسرنو قدر اندازی کھاتہ پر فائدے کو منتقل کرنے کے لیے اگر جمع باقی ہو

| | |
|---|---|
| ازسرنو اندازہ قدر کھاتہ | Dr. |
| پرانے ساجھے دار کے کھاتہ کے لیے | (پرانا تناسب) |
| (فرداً فرداً) | |

(viii) ازسرنو قدر اندازی کھاتہ پر نقصان کو منتقل کرنے کے لیے

| | |
|---|---|
| پرانے ساجھے دار کے کھاتہ | Dr. |
| (فرداً فرداً) | |
| ازسرنو اندازہ قدر کے لیے | (پرانا تناسب) |

نوٹ: (i)، (ii)، iii اور (iv) اندراجات صرف اثاثہ جات اور ذمہ داریوں کی قدر میں اضافہ اور کمی کی رقم کے ساتھ کیے جائیں گے۔

## مثال 24

A اور B 3:2 کے تناسب میں نفع اور نقصان تقسیم کرتے ہیں ان کی بیلنس شیٹ حسب ذیل ہے۔

© NCERT Not to be Republished

## 1 اپریل 2015 کو A اور B کی بیلنس شیٹ

| ذمہ داریاں | | رقم (روپیے) | اثاثہ جات | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| متفرق قرض خواہ (Sundry creditors) | | 20,000 | نقد در دست (Cash in hand) | 3,000 |
| سرمایے Capitals | | | قرضدار (Debtors) | 12,000 |
| A | 30,000 | | اسٹاک (Stock) | 15,000 |
| B | 20,000 | 50,000 | فرنیچر (Furniture) | 10,000 |
| | | | پلانٹ اور مشینری (Plant and Machinery) | 30,000 |
| | | **70,000** | | **70,000** |

© NCERT Not to be Republished

اس تاریخ پر C کو مندرجہ ذیل شرائط کی بنیاد پر ساجھے داری میں شامل کیا گیا:

1۔ C کو سرمایے کے طور پر 15000 روپیے اور ساکھ کے $\frac{1}{6}$ حصے کے لیے 5,000 روپیے بطور پریمیم کے لانے ہیں۔

2۔ اسٹاک کی مالیت 10% سے کم کی جاتی ہے جب کہ پلانٹ اور مشینری کو 10% زیادہ کیا جاتا ہے۔

3۔ فرنیچر کی قدر 9,000 روپیے پر آنکی گئی۔

4۔ قرض داروں (debtors) پر 5% محفوظ برائے مشکوک قرضہ جات بنانا ہے اور بجلی کے بل (Electricity bill) کی مد میں 200 روپیے دیے جانے ہیں۔

5۔ 1000 روپیے مالیت کی سرمایہ کاری کو (جس کا تذکرہ بیلنس شیٹ میں نہیں ہے) کتابوں میں لایا جاتا ہے۔

6۔ 100 روپیے کا ایک قرض خواہ (Creditor) اپنی رقم کا مطالبہ نہیں کرے گا اس لیے اسے خارج کرنا ہے۔

روزنامچہ اندراجات درج کیجیے اور ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتے اور ازسرنو اندازہ قدر کھاتہ تیار کیجیے۔

## حل:

### B،A اور C کی کتابیں جرنل

| تاریخ 2012 | تفصیلات | لیجر فولیو | نام/ڈیبٹ (روپیے) | جمع/کریڈٹ (روپیے) |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| 1 اپریل | بینک کھاتہ Dr. | | 20,000 | |
| | سی کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | | | 15,000 |
| | ساکھ کھاتہ کے لیے | | | 5,000 |
| | (C کے ذریعہ بطور سرمایہ اور پریمیم لایا گیا نقد) | | | |
| 2. | ساکھ کھاتہ Dr. | | 5,000 | |
| | اے کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | | | 3,000 |
| | بی کے سرمایہ کھاتے کے لیے | | | 2,000 |
| | (A اور B کے درمیان ایثاری تناسب میں ساکھ کا بٹوارہ) | | | |
| 3. | ازسرنو اندازہ قدر کھاتہ Dr. | | 3,100 | |
| | اسٹوک کھاتہ کے لیے | | | 1,500 |
| | فرنیچر کھاتہ کے لیے | | | 1,000 |
| | مشکوک قرضہ کے لیے محفوظ کے لیے | | | 600 |
| | (اثاثہ جات کی قدر کا ازسرنو اندازۂ قدر) | | | |
| 4. | پلانٹ اور مشنری کھاتہ Dr. | | 3,000 | |
| | سرمایہ کاری کھاتہ Dr. | | 1,000 | |
| | ازسرنو اندازہ قدر کھاتہ کے لیے | | | 4,000 |
| | (ازسرنو اندازۂ قدر پر اثاثہ جات کی مالیت میں اضافہ) | | | |

© NCERT Not to be Republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 200 | 200 | | ازسرنواندازہ قدر کھاتہ Dr.<br>بقیہ بجلی کے بل کے کھاتہ کے لیے<br>(واجب الادا بجلی بل کے لیے فراہم کردہ رقم) | 5. |
| 100 | 100 | | متفرق دینداران Dr.<br>ازسرنواندازہ قدر کھاتہ کے لیے<br>(قرض خواہوں کے ذریعہ مطالبہ نہ کی جانے والی رقم کا اخراج) | 6 |
| 480<br>320 | 800 | | ازسرنواندازہ قدر کھاتہ Dr.<br>اے کے سرمایہ کھاتہ کے لیے<br>بی کے سرمایہ کھاتہ کے لیے<br>(اثاثہ جات اور ذمہ داریوں کے ازسرنو اندازۂ قدر پر ہونے والے منافع کو A اور B کے سرمایہ کھاتوں میں پرانے تناسب کے اندر منتقل کیا گیا) | 7. |

© NCERT Not to be Republished

## ازسرِنواندازۂ قدر کھاتہ

نام (Dr.)      جمع (Cr.)

| تفصیلات | رقم (روپیے) | تفصیلات | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|
| اسٹاک Stock | 1,500 | پلانٹ اور مشینری Plant and Machinery | 3,000 |
| فرنیچر Furntiture | 1,000 | سرمایہ کاری Investments | 1,000 |
| مشکوک قرضہ جات کے لیے محفوظ Prov.for Doubtful Debts | 600 | مختلف قرض خواہ Sundry Creditors | 100 |
| بجلی کا بقایا بل Outstanding Electricity bill | 200 | | |

| تفصیلات | رقم (روپیے) | تفصیلات | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|
| ازسرنواندازۂ قدر پر نفع Proftion Revaluation | | | |
| منتقل کیا گیا transfered to: | | | |
| A کے سرمایہ میں A's Capital | 480 | | |
| B کے سرمایہ میں B's Capital | 320 | | |
| | **4,100** | | **4,100** |

## ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتے

نام (Dr.) | جمع (Cr.)

| تاریخ 2012 | تفصیلات | A (روپیے) | B (روپیے) | C (روپیے) | تاریخ 2007 | تفصیلات | A (روپیے) | B (روپیے) | C (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 اپریل | بیلنس c/d | 33,480 | 22,320 | 15,000 | 1 اپریل | بیلنس b/d | 30,000 | 20,000 | |
| | | | | | | bank بینک | | | 15,000 |
| | | | | | | Goodwill ساکھ | 3,000 | 2,000 | |
| | | | | | | اندازۂ (قدر) منافع | 480 | 320 | |
| | | **33,480** | **22,320** | **15,000** | | | **33,480** | **22,320** | **15,000** |

© NCERT Not to be Republished

## مثال 25

A اور B، 31 مارچ 2017 کو ساجھا کاروبار چلاتے ہیں۔ نیچے ان کی بیلنس شیٹ دی جا رہی ہے A اور B، 2:1 کے تناسب سے نفع اور نقصان میں حصہ دار ہیں۔

### A اور B کی 31 مارچ 2012 کو بیلنس شیٹ

| ذمہ داریاں | | رقم (روپیے) | اثاثہ جات | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| قابل ادا (Bills Payable) | | 10,000 | نقد در دست (Cash in hand) | 10,000 |
| متفرق قرض خواہ (Sundry creditors) | | 58,000 | نقد بینک میں (Cash at bank) | 40,000 |
| بقایا اخراجات (Outstanding expenses) | | 2,000 | متفرق قرضدار (Sundry debtors) | 60,000 |
| سرمایے (Capitals) | | | اسٹاک (Stock) | 40,000 |
| A | 1,80,000 | | پلانٹ اور مشینری (Plant and Machinery) | 1,00,000 |
| B | 1,50,000 | 3,30,000 | بلڈنگ (Building) | 1,50,000 |
| | | **4,00,000** | | **4,00,000** |

بیلنس شیٹ کی تاریخ پر C کو حسب ذیل شرائط پر کاروبار میں شمولیت کی اجازت دی جاتی ہے:

(1) C اپنے سرمایے کے بطور 1,00,000 روپیے اور منافع کے 1/4 حصہ کے لیے 60,000 روپیے ساکھ کی رقم کے طور پر لائے گا۔

(2) پلانٹ کا تخمینہ 1,20,000 روپیے ہے اور بلڈنگ کی قدر 10% زائد آنکی جائے گی۔

(3) اسٹاک کی قدر 4,000 روپیے سے زائد پائی گئی۔

(4) ڈوبے ہوئے اور مشتبہ قرضوں کے لیے 5% قرض داروں کی گنجائش رکھی جائے گی۔

(5) 1000 روپیے تک کے قرض خواہوں کا اندراج نہ تھا۔

ضروری روزنامچہ اندراجات کیجیے اور از سر نو اندازۂ قدر کھاتہ، ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتے نیز C کی شمولیت کے بعد بیلنس شیٹ بنا کر دکھائیے۔

© NCERT Not to be Republished

## حل:

### Aاور B کی کتابیں ازسرنو اندازۂ قدر کھاتہ

نام(Dr.) | جمع(Cr.)

| تفصیلات | رقم (روپیے) | تفصیلات | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|
| استاک Stock in hand | 4,000 | پلانٹ اور مشینری Plant and Machinery | 20,000 |
| مشکوک قرضہ جات کے لیے محفوظ Provision for doubtful debts | 3,000 | عمارتیں Buildings | 15,000 |
| قرض خواہ Creditors | 1,000 | | |
| ازسرنو اندازۂ قدر پر نفع Profit on revaluation<br>منتقل کیا گیا: Transferred to:<br>A کے کھاتے میں A's Capital 18,000 | | B کے کھاتے میں B's Capital 9,000 | 27,000 |
| | **35,000** | | **35,000** |

© NCERT Not to be Republished

### ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتے

نام(Dr.) | جمع(Cr.)

| تاریخ 2017 | تفصیلات | A (روپیے) | B (روپیے) | C (روپیے) | تاریخ 2012 | تفصیلات | A (روپیے) | B (روپیے) | C (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 31 مارچ | Balance c/d | 2,38,000 | 1,79,000 | 1,00,0000 | 31 مارچ 2017 | (Balance) بیلنس b/d | 1,80,000 | 1,50,000 | |
| | | | | | | ساکھ (Goodwill) | 40,000 | 20,000 | |
| | | | | | | ازسرنو اندازۂ قدر | 18,000 | 9,000 | |
| | | **2,38,000** | **1,79,000** | **1,00,000** | | | **2,38,000** | **1,79,000** | **1,00,000** |

© NCERT Not to be Republished

## 01 اپریل 2012 کو B،A اور C کی بیلنس شیٹ

| ذمہ داریاں | رقم (روپیے) | اثاثہ جات | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|
| Bills Payable واجب الادابل | 10,000 | Cash in hand نقد در دست | 10,000 |
| Sundry Creditors متفرق قرض خواہ | 59,000 | Cash at bank نقد در بینک | 2,00,000 |
| Outstanding بقایا اخراجات | 2,000 | Sundry متفرق قرض دار | |
| Expenses | | Debtors | |
| Capitals سرمایے | | Less: Provision for | |
| | | 60000 | |
| A 238000 | | Doubtful debts 3,000 | 57,000 |
| B 179000 | | Stock اسٹاک | 36,000 |
| C 100000 | 5,17,000 | Plant and پلانٹ اور مشینری | 1,20,000 |
| | | Machinery | |
| | | Buildings عمارتیں | 1,65,000 |
| | **5,88,000** | | **5,88,000** |

### اسے خود کیجیے

1۔ اسلم، جیکب اور ہیری بالترتیب 1,500 روپے، 1,750 روپے اور 2,000 روپے کے ساتھ برابر کے ساجھے دار ہیں۔ انھوں نے ستنام کو مساوی ساجھے دار کے طور پر ساجھے داری میں شامل کیا۔ ستنام کو 1800 روپے بطور سرمایہ اور ساکھ کے 1/4 حصہ کے لیے 1500 روپے نقد رقم کی ادائیگی کرنی ہوگی یہ دونوں رقوم کاروبار میں ہی رہیں گی۔ پرانی فرم کی ذمہ داریاں 3000 روپے کی ہیں اور نقد کے علاوہ اثاثہ جات میں موٹر 1,200 روپے، فرنیچر 400 روپے، اسٹاک 2,650 روپے، قرض دار 3,780 روپے کے شامل ہیں۔ موٹر اور فرنیچر کی قدر بالترتیب 950 روپے اور 380 روپے کی آنکی گئی اور فرسودگی کو خارج کیا گیا ہے۔ نقد در دست (Cash in hand) معلوم کیجیے اور ستنام کی شمولیت کے بعد فرم کی بیلنس شیٹ تیار کیجیے۔

2۔ بینو اور سنیل ساجھے دار ہیں اور 3:2 کے تناسب میں نفع اور نقصان تقسیم کرتے ہیں۔ 1 اپریل 2017 کو رینا کو 1/4 حصہ کے لیے

ساجھے داری میں شامل کیا گیا جس نے 2,00,000 روپیے بطور سرمایہ اور 1,00,000 روپیے پریمیم کے لیے نقد ادا کیے۔شمولیت کے وقت بیلنس شیٹ کے اثاثہ جات کی جانب 1,20,000 روپیے کی رقم کا جنرل ریزرو اور 60,000 روپیے کا نفع اور نقصان کھاتہ دکھایا گیا ہے۔

مندرجہ بالا لین دین کو درج کرنے کے لیے ضروری روزنامچہ اندراجات درج کیجیے۔

3۔ آشو اور راہل ساجھے دار ہیں اور 5:3 کے تناسب میں نفع اور نقصان کو تقسیم کرتے ہیں اور گورو کو 1/5 حصہ کے لیے ساجھے داری میں شامل کیا گیا اور اس سے ساکھ کے لیے 4000 روپیے اور بطور سرمایہ تناسبی (Proportionate) رقم کاروبار میں لگانے کے لیے کہا گیا۔ ساکھ، از سر نو قدر اندازی وغیرہ سے متعلق تمام ایڈجسٹمنٹ کے بعد آشو اور راہل کے بالترتیب سرمایے 45000 روپیے اور 35000 روپیے تھے۔

منافع کی تقسیم کا نیا تناسب اور گورو کے ذریعے لائی جانے والی سرمایے کی رقم معلوم کیجیے اور اس کے لیے ضروری روزنامچہ اندراجات درج کیجیے۔

© NCERT Not to be Republished

## 3.8 سرمایوں کا ایڈجسٹمنٹ (Adjustment of Capitals)

بعض اوقات نئے ساجھے دار کی شمولیت کے وقت شرکا اس پر متفق ہو جاتے ہیں کہ ان کے سرمایوں کا بھی اس طرح ایڈجسٹمنٹ کر دیا جائے کہ سرمایے بھی منافع کی تقسیم کے متناسب (Profortionate) ہو جائیں۔ ایسی صورت میں اگر نئے ساجھے دار کا سرمایہ دیا ہوا ہو تو اس کو بنیاد مان کر پرانے ساجھے داروں کے نئے سرمایے کا حساب لگایا جا سکتا ہے۔ تمام ایڈجسٹمنٹ کی تکمیل کے بعد نئے ساجھے دار کے سرمایے کا موازنہ پرانے ساجھے داروں کے سرمایے سے کیا جا سکتا ہے۔ وہ ساجھے دار جس کا سرمایہ کم پڑتا ہو، ضروری سرمایہ لائے گا اور جس کا زائد ہو جائے وہ یہ زائد رقم نکال لے گا۔ (مثال 26 دیکھیں)

### مثال 26

A اور B 2:1 کے تناسب میں نفع اور نقصان میں حصہ دار ہیں۔ C منافع کے 1/4 حصہ میں فرم کے لیے شامل ہوتا ہے اور 20,000 روپیے کا سرمایہ لاتا ہے۔ ساکھ، اثاثوں اور ذمہ داریوں کی از سر نو اندازۂ قدر وغیرہ کے ایڈجسٹمنٹ کے بعد پرانے ساجھے داروں کا سرمایہ اس طرح بنتا ہے۔ A 45,000 روپیے B 15,000 روپیے۔ یہ طے پاتا ہے کہ ساجھے داروں کے سرمایے تقسیم منافع کے نئے تناسب کے مطابق ہوں گے۔ A اور B کے نئے سرمایوں کا تعین کیجیے اور یہ فرض کرتے ہوئے روزنامچہ کے ضروری اندراجات

درج کیجیے کہ وہ ساجھے دار جس کا سرمایہ کم پڑتا ہے، کمی کی رقم لائے گا اور جس کا زائد ہے وہ زائد رقم نکال لے گا۔

## حل:

1۔ تقسیم منافع کے نئے تناسب کا حساب: یہ مانتے ہوئے کہ نیا ساجھے دار C منافع کے 1/4 حصہ کا حق دار ہے جو وہ A اور B سے ان کے تقسیم منافع کے پرانے تناسب یعنی 1:2 کے مطابق وصول کرتا ہے لہٰذا

کل حصہ = $1$

A کا حصہ = $\frac{1}{4}$

باقی حصے = $1-\frac{1}{4} = \frac{3}{4}$

A کا نیا حصہ = $\frac{3}{4}\times\frac{2}{3} = \frac{6}{12}$

B کا نیا حصہ = $\frac{3}{4}\times\frac{1}{3} = \frac{3}{12}$

C کا نیا حصہ = $\frac{1}{4}\times\frac{3}{3} = \frac{3}{12}$

پس A،B اور C کے درمیان حصہ داری کا نیا تناسب 6:3:3 یا 2:1:1 ہوگا۔

2- A اور B کے مطلوبہ سرمایے :C کا سرمایہ جو کہ منافع کے 1/4 کا حق دار ہے،20,000 روپیے ہے، منافع میں B کا نیا حصہ 1/4 ہے۔ لہٰذا اس کا سرمایہ بھی 20,000 روپیے ہوگا۔ A کا نیا حصہ 2/4 ہے جو کہ C کے حصہ کے کا دوگنا ہے۔ چنانچہ اس کا سرمایہ 40,000 روپیے ہوگا۔

بصورت دیگر C کے سرمایے کی بنیاد پر فرم کا کل سرمایہ 80,000 روپیے (20,000×1/4) بنتا ہے۔ لہٰذا منافع میں ان کے حصوں کی بنیاد پر A اور B کا سرمایہ اس طرح ہوگا۔

A کا سرمایہ = 80,000 کا $\frac{2}{4}$ = 40,000 روپیے

B کا سرمایہ = 80,000 کا $\frac{1}{4}$ = 20,000 روپیے

تمام ایڈجسٹمنٹ کی تکمیل کے بعد A اور B کے سرمایے بالترتیب 45,000 روپیے اور 15,000 روپیے ہیں لہٰذا A، 5,000 روپیے –(Rs.40000 –45000) فرم سے نکال لے گا جب کہ B، 5,000 روپیے (Rs.15,000 –20,000)

© NCERT Not to be Republished

مزید فراہم کرے گا۔

روزنامچہ اندراجات ہوں گے:

| تاریخ | تفصیلات | لیجر صفحہ | نام (ڈیبٹ) (روپیے) | جمع (کریڈٹ) (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| | A's Capital A/c Dr.<br>To Cash A/c<br>(A کا نکالا ہوا زاید سرمایہ) | | 5000 | 5,000 |
| | Cash A/c Dr.<br>To B's Capital A/c<br>(کمی پوری کرنے کے لیے B کی لائی ہوئی مزید رقم) | | 5,000 | 5,000 |

بعض اوقات فرم کے کل سرمایے کی صراحت کردی جاتی ہے اور یہ طے پاتا ہے کہ ساجھے دار کا سرمایہ، منافع میں اس کے حصہ کے متناسب ہو۔ ایسی صورت میں ہر ساجھے دار کے سرمایے (نئے ساجھے دار سمیت) کا شمار منافع میں اس کے حصہ کی بنیاد پر مزید رقم لا کر یا زائد رقم نکال کر کیا جاتا ہے۔ ہر ساجھے دار کے آخری سرمائے کو مطلوبہ سطح پر لایا جاتا ہے اور بصورت دیگر اگر ساجھے دار متفق ہوں تو ہر ساجھے دار کے سرمایہ کھاتہ میں ہونے والے اضافے یا تخفیف کو ان کے اپنے اپنے چالو کھاتوں میں منتقل کیا جاسکتا ہے۔

© NCERT Not to be Republished

## مثال 27

B،A اور C ایک فرم کے نفع نقصان میں 3:2:1 کے تناسب سے حصہ دار ہیں۔ D منافع کے 1/4 حصہ میں فرم میں شامل ہوتا ہے جس کا 1/8 حصہ وہ A سے اور 1/8 حصہ B سے وصول کرتا ہے۔ فرم کا کل سرمایہ 1,20,000 روپے طے پاتا ہے۔ D اس رقم کا 1/4 بطور سرمایہ لاتا ہے۔ دوسرے ساجھے داروں کے سرمایوں کا بھی نفع اور نقصان میں ان کے تناسب کے مطابق ایڈجسٹمنٹ ہونا ہے۔ تمام ایڈجسٹمنٹ کی تکمیل کے بعد B، A اور C کے سرمایے بالترتیب 40,000 روپے، 35,000 روپے اور 30,000 روپے بنتے ہیں۔ B،A اور C کے اختتامی سرمایے (فائینل کیپٹل) کا حساب لگایئے۔

## حل:

1۔ ہمیں سب سے پہلے ساجھے داروں کی تقسیم منافع کا نیا تناسب متعین کرلینا چاہیے:

A $= \frac{1}{2} - \frac{1}{8} = \frac{3}{8}$

B $= \frac{1}{3} - \frac{1}{8} = \frac{5}{24}$

C منافع میں اپنے حصہ کا 1/6 وصول کرتا رہے گا۔ لہٰذا A، B، C اور D کے درمیان تقسیم منافع کا نیا تناسب ہوگا:

$\frac{1}{4} : \frac{1}{6} : \frac{5}{24} : \frac{3}{8}$ یا $\frac{9}{24} : \frac{5}{24} : \frac{4}{24} : \frac{6}{24}$ یا 9:5:4:6 ہوگا

2۔ تمام شرکا کے مطلوبہ سرمایے:

A کا سرمایہ $= \frac{9}{24} \times 1{,}20{,}000 = 45{,}000$ روپے

B کا سرمایہ $= \frac{5}{24} \times 1{,}20{,}000 = 25{,}000$ روپے

C کا سرمایہ $= \frac{4}{24} \times 1{,}20{,}000 = 20{,}000$ روپے

D کا سرمایہ $= \frac{6}{24} \times 1{,}20{,}000 = 30{,}000$ روپے

لہٰذا A 5,000 روپے (Rs.45,000–40,000) لائے گا۔ B 10,000 روپے (Rs.35,000–Rs.25,000) نکالے گا۔ C بھی 10,000 روپے (Rs.30,000–20,000) نکالے گا۔ اور D 30,000 روپے لائے گا۔ بصورت دیگر چالو کھاتے کھولے جاسکتے ہیں اور A، B اور C کی لائی ہوئی یا نکالی ہوئی رقم ان کے متعلقہ چالو کھاتوں میں منتقل کی جاسکتی ہے بشرطیکہ ان میں اس امر پر باہم معاہدہ ہو جائے۔ متعلقہ روزنامچہ اندراجات حسب ذیل ہیں۔

## A، B، C اور D کی کتابیں
## (جرنل)

| تاریخ | تفصیلات | لیجر صفحہ | نام (ڈیبٹ) (روپیے) | جمع (کریڈٹ) (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| | Cash A/c Dr. | | 5,000 | |
| | To A's Capital A/c | | | 5,000 |
| | (خسارہ پورا کرنے کے لیے A کے ذریعہ لائی گئی رقم) | | | |
| | B's Capital A/c Dr. | | 10,000 | |

© NCERT Not to be Republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 20,000 | 10,000 | | سی کے سرمایہ کھاتہ Dr.<br>نقد کھاتہ کے لیے<br>(C اور B کے ذریعہ نکالی گئی اضافی رقم) | |
| 30,000 | 30,000 | | نقد کھاتہ Dr.<br>ڈی کے سرمایہ کھاتہ کے لیے<br>(D کے ذریعہ بطور سرمایہ لایا گیا نقد) | |

بصورت دیگر، مندرجہ بالا (2) اور (3) کے لیے روزنامچہ اندراجات ہوں گے

© NCERT Not to be Republished

## A، B، C اور D کی کتابیں جرنل

| جمع/کریڈٹ (روپیے) | نام/ڈیبٹ (روپیے) | لیجر صفحہ | تفصیلات | تاریخ |
|---|---|---|---|---|
| 5,000 | 5,000 | | اے کا چالو کھاتہ Dr.<br>اے کے سرمایہ کھاتے کے لیے<br>(A کے سرمایہ کھاتہ کے خسارہ کو A کے چالو کھاتہ پر منتقل کیا گیا) | |
| 10,000<br>10,000 | 10,000<br>10,000 | | بی کا سرمایہ کھاتہ Dr.<br>سی کا سرمایہ کھاتہ Dr.<br>بی کا سرمایہ کھاتہ کے لیے<br>سی کے سرمایہ کھاتہ کے لیے<br>(C اور B کے زاید سرمایہ کو ان کے چالو کھاتوں میں منتقل کیا گیا) | |

## مثال 28

A اور B ایک فرم کے نفع اور نقصان میں 2:1 کے تناسب سے حصے دار ہیں۔ C منافع کے 1/4 حصہ پر فرم میں شامل ہوتا ہے۔ اور 30,000 روپیے کا سرمایہ لاتا ہے۔ A اور B کے سرمایوں کا ان کے منافع کی حصہ داری کے تناسب کے مطابق ایڈجسٹمنٹ کیا جائے گا۔ (C کی شمولیت سے قبل) 31 مارچ 2017 کو A اور B کی بیلنس شیٹ حسب ذیل تھی۔

## A اور B کی 31 مارچ 2013 کو بیلنس شیٹ

| ذمہ داریاں | | رقم (روپیے) | اثاثہ جات | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| قرض خواہ | | 8,000 | نقد در دست | 2,000 |
| واجب الادا بل | | 4,000 | نقد در بینک | 10,000 |
| جنرل ریزرو | | 6,000 | متفرق قرض دار | 8,000 |
| سرما A: | 50,000 | | اسٹاک | 10,000 |
| B: | 32,000 | 82,000 | فرنیچر | 5,000 |
| | | | مشینری | 25,000 |
| | | | عمارت | 40,000 |
| | | **1,00,000** | | **1,00,000** |

معاہدے کی دیگر شرائط حسب ذیل ہیں۔

(1) C اپنے حصہ کی ساکھ کے لیے 12,000 روپیے لائے گا۔

(2) عمارت کی قدر 45,000 روپیے اور مشینری کی قدر 23,000 روپیے آنکی گئی ہے۔

(3) ڈوبے ہوئے قرضوں کے لیے 6% قرض داروں پر محفوظ (Provision) رکھا جائے گا۔

(4) چالو کھاتے کھول کر A اور B کے سرمایہ کھاتوں کا ایڈجسٹمنٹ کیا جائے گا۔

ضروری روزنامچہ اندراجات درج کیجیے اور لیجر کھاتے دکھایئے اور C کی شمولیت کے بعد فنڈ بیلنس شیٹ تیار کیجیے۔

© NCERT Not to be Republished

## A، B اور C کی کتابیں جرنل

| تاریخ 2013 | تفصیلات | | لیجر صفحہ | نام/ڈیبٹ (روپیے) | جمع/کریڈٹ (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 مارچ 2017 | Cash A/c Dr. | | | 42,000 | |
| | To C's Capital A/c | | | | 30,000 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 12,000 | | To Goodwill A/c | |
| | | (C کی لائی ہوئی سرمایے اور ساکھ کی رقم) | |
| | 12,000 | ساکھ کھاتہ Dr. | |
| 8,000 | | اے کے سرمایہ کھاتے کے لیے | |
| 4,000 | | بی کے سرمایہ کھاتے کے لیے | |
| | | (C کی لائی ہوئی ساکھ کی رقم A اور B میں ان کے ایثاری تناسب سے منتقل) | |
| | 2,480 | ازسرنو اندازہ قدر کھاتہ Dr. | |
| 2,000 | | مشنری کھاتے کے لیے | |
| 480 | | خراب قرض کے پرووژن کے کھاتے کے لیے | |
| | | (مشینری کی قدر میں کمی اور ڈوبے ہوئے قرضوں کے لیے محفوظ) | |
| | 5,000 | عمارت کھاتہ Dr. | |
| 5,000 | 2,520 | ازسرنو اندازہ قدر کھاتہ Dr. | |
| 1,680 | | اے کے سرمایہ کھاتے کے لیے | |
| 840 | | بی کے سرمایہ کھاتے کے لیے | |
| | | (ازسرنو اندازۂ قدر پر منافع کی رقم A اور B میں تقسیم) | |
| | 6,000 | عمومی رزور کھاتہ Dr. | |
| 4,000 | | اے کے سرمایہ کھاتے کے لیے | |
| 2,000 | | بی کے سرمایہ کھاتے کے لیے | |
| | | (غیر منقسم منافع A اور B کو منتقل) | |
| | 3,680 | اے کا سرمایہ کھاتہ Dr. | |
| | 8,840 | بی کا سرمایہ کھاتہ Dr. | |
| 3,680 | | اے کے کرنٹ (چالو) کھاتہ کے لیے | |
| 8,840 | | بی کے چالو کھاتہ کے لیے | |
| | | (زاید سرمایے ساجھے داروں کے چالو کھاتوں میں منتقل) | |

© NCERT Not to be Republished

## ازسرنواندازۂ قدر کھاتہ (Re-valuation Account)

نام (Dr.) | جمع (Cr.)

| تفصیلات | | رقم (روپے) | تفصیلات | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|
| مشینری | | 2,000 | عمارت | 5,000 |
| ڈوبے قرضوں کے لیے محفوظ ts) | | 480 | | |
| منافع کا ٹرانسفر: | | | | |
| A's Capital A/c | 1680 | | | |
| B's Capital A/c | 840 | 2,520 | | |
| | | **5,000** | | **5,000** |

## ساجھےداروں کے سرمایہ کھاتے

نام (Dr.) | جمع (Cr.)

| تاریخ | تفصیلات | A (روپیے) | B (روپیے) | C (روپیے) | تاریخ | تفصیلات | A (روپیے) | B (روپیے) | C (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | چالو کھاتے | 3,680 | 8,840 | – | | Balance b/d | 50,000 | 32,000 | – |
| | Balance c/d | 60,000 | 30,000 | 30,000 | | Cash | – | – | 30,000 |
| | | | | | | ساکھ Goodwill | 8,000 | 4,000 | |
| | | | | | | جنرل ریزرو | 4,000 | 2000 | – |
| | | | | | | ازسرنواندازۂ قدر منافع کا ٹرانسفر | – | 1,680 | 840 |
| | | **63,680** | **38,840** | **30,000** | | | **63,680** | **38,840** | **30,000** |

## ساجھےداروں کے چالو کھاتے

نام (Dr.) | جمع (Cr.)

| تاریخ | تفصیلات | A (روپیے) | B (روپیے) | C (روپیے) | تاریخ | تاریخ | A (روپیے) | B (روپیے) | C (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | Balance c/d | 3,680 | 8,840 | – | | Capital A/cs | 3,680 | 8,840 | – |

© NCERT Not to be Republished

## A، B اور C کی 31 مارچ 2013 کو بیلنس شیٹ

| ذمہ داریاں | | رقم روپیے | اثاثہ جات | | رقم روپیے |
|---|---|---|---|---|---|
| قرض خواہ | | 8,000 | نقد در دست | | 44,000 |
| واجب الادا بل | | 4,000 | نقد در بینک | | 10,000 |
| ساجھے داروں کے چالو کھاتے | | | متفرق قرضدار | 8,000 | |
| A | 3,680 | | نفی: مشکوک قرضوں کے لیے محفوظ | 480 | 7,520 |
| B | 8,840 | 12,520 | Doubtful Debts | | |
| سرمایے | | | اسٹاک | | 10,000 |
| A : | 60,000 | | فرنیچر | | 5,000 |
| B : | 30,000 | | مشینری | | 23,000 |
| C : | 30,000 | 1,20,000 | عمارتیں | | 45,000 |
| | | **1,44,520** | | | **1,44,520** |

© NCERT Not to be Republished

### نوٹس

1۔ تقسیم منافع کا نیا تناسب

چوں کہ اس امر کا کوئی ذکر نہیں ہے کہ C اپنا حصہ A اور B سے کیسے وصول کرے گا اس لیے یہ فرض کرلیا جاتا ہے کہ A اور B آپس میں پرانے تناسب یعنی 2:1 سے منافع میں حصہ دار ہوں گے۔

C کا حصہ منافع $= \frac{1}{4}$

باقی ماندہ حصہ $= 1 - \frac{1}{4} = \frac{3}{4}$

A کا نیا حصہ $= \frac{3}{4}$ کا $\frac{2}{3} = \frac{6}{12} = \frac{1}{2}$

B کا نیا حصہ $= \frac{3}{4}$ کا $\frac{1}{3} = \frac{3}{12} = \frac{1}{4}$

اس طرح C اور B،A کے درمیان کی تقسیم کا تناسب 2:1:1 ہے۔

2۔ A اور B کے نئے سرمایے۔

C کا سرمایہ 30,000 روپیے اور اس کا منافع کا حصہ 1/4 ہے۔ C کے سرمایے کی بنیاد پر فرم کا کل سرمایہ 1,20,000 روپیے (30,000×4/1) بنے گا۔ لہٰذا A اور B کے سرمایے حسب ذیل ہوں گے:

A کا سرمایہ = 1,20,000 کا $\frac{2}{4}$ =60,000 روپیے

B کا سرمایہ = 1,20,000 کا $\frac{1}{4}$ =30,000 روپیے

© NCERT Not to be Republished

## مثال 29

W اور R ساجھے دار ہیں اور نفع و نقصان میں 3:2 کے تناسب سے حصہ دار ہیں۔ 1 جنوری 2013 کو ان کی بیلنس شیٹ حسب ذیل تھی۔

**1 جنوری 2013 کو W اور R کی بیلنس شیٹ**

| ذمہ داریاں | رقم روپیے | اثاثہ جات | رقم روپیے |
|---|---|---|---|
| متفرق قرض خواہ | 20,000 | نقد در دست | 5,000 |
| ساجھے داروں کا سرمایہ | | متفرق قرضدار 20000 | |
| ڈبلو: 40,000 | | نفی: مشکوک قرضوں کے لیے محفوظ رقم 700 | 19,300 |
| آر: 30,000 | 70,000 | مشکوک قرض | |
| | | اسٹاک | 25,000 |
| | | پلانٹ اور مشینری | 35,000 |
| | | پیٹینٹ | 5,700 |
| | **90,000** | | **90,000** |

اسی تاریخ کو حسب ذیل شرائط پر B کو ساجھے دار بنایا گیا:

1. اسے منافع کا 4/15 حصہ دیا جانا تھا۔

2. اسے سرمایے کے طور پر 30,000 روپیے لانے تھے۔

3. اسے ساکھ کے لیے نقد رقم ادا کرنی تھی جو کہ گذشتہ چار برسوں کے منافع کی 2½ سال کی خریداری پر مبنی ہوتی۔

4. B کے ذریعے لائی گئی پریمیم کی آدھی رقم W اور R نے نکال لی۔

5. اثاثہ جات کا ازسرنو اندازۂ قدر اس طرح آنکا گیا: قرض داروں پر کتابی قدر سے 5% کم کا محفوظ (provision) کیا گیا، اسٹاک کی قدر 20,000 روپیے پر آنکی گئی، پلانٹ اور مشینری 40,000 روپیے اور پیٹنٹ 12,000 روپیے پر آنکے گئے۔

6. ذمہ داریوں کی قدر 23,000 روپیے آنکی گئی، مال کی خریداری کا ایک بل کتابوں میں درج ہونے سے رہ گیا تھا۔

7. گذشتہ چار برسوں کا منافع اس طرح تھے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| 2011 | 15,000 | 2013 | 14,000 |
| 2012 | 20,000 | 2014 | 17,000 |

© NCERT Not to be Republished

مندرجہ بالا کو درج کرنے کے لیے روزنامچہ اندراجات درج کیجیے اور لیجر کھاتے تیار کیجیے اور B کی شمولیت کے بعد بیلنس شیٹ تیار کیجیے۔

## حل:

فرم کی ساکھ 41,250 روپیے کی ہے جس کا تخمینہ ذیل طرح سے لگایا گیا ہے۔

| | |
|---|---|
| سال 2011 | 15,000 |
| سال 2012 | 20,000 |
| سال 2013 | 14,000 |
| سال 2014 | 17,000 |
| | **66,000** |

اوسط منافع = $\frac{66,000}{4}$ روپیے = 16500 روپیے۔

2½ سال کی خرید پر ساکھ = 1,6500 روپیے × $\frac{5}{2}$ = 41,250 روپیے

B کی ساکھ کا حصہ = 41,250 روپیے × $\frac{4}{15}$ = 11,000 روپیے۔

## W، R اور B کی کتابیں جرنل

| تاریخ 2013 | تفصیلات | لیجر فولیو | ڈیبٹ روپیے | کریڈٹ روپیے |
|---|---|---|---|---|
| 1 جنوری | نقد کھاتہ Dr. | | 41,000 | |
| | بی کے سرمایہ کے لیے | | | 30,000 |
| | ساکھ کھاتہ کے لیے | | | 11,000 |
| | (B کے ذریعہ بطور سرمایہ اور بطور حصہ ساکھ لائی گئی رقم) | | | |
| | ساکھ کھاتہ Dr. | | 11,000 | |
| | ڈبلو کا سرمایہ کھاتہ کے لیے | | | 6,600 |
| | آر کا سرمایہ کھاتے کے لیے | | | 4,400 |
| | (B کے ذریعہ لائی گئی ساکھ کو W اور R کے سرمایہ کھاتوں میں 3:2 کے پرانے تناسب میں جمع کیا گیا) | | | |
| | ڈبلو کے سرمایہ کھاتہ Dr. | | 3,300 | |
| | آر کے سرمایہ کھاتہ Dr. | | 2,200 | |
| | نقد کھاتے کے لیے | | | 5,500 |
| | (پرانے ساجھے داروں کے ذریعہ ساکھ کی آدھی رقم نکالی گئی) | | | |
| | ازسرنو اندازہ قدر کھاتہ Dr. | | 5,300 | |
| | قرض کے پرووژن کھاتہ Dr. | | 300 | |
| | اسٹوک کھاتہ کے لیے | | | 5,000 |

© NCERT Not to be Republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | (محفوظ برائے مشکوک قرضات کو1000 روپیے تک (200000روپیے کا5%) بڑھایا گیا اور اسٹاک کی قدر میں کمی کی گئی) | | | |
| | پلانٹ اور مشنری کھاتہ Dr. | | 5,000 | |
| | پلانٹ کھاتہ Dr. | | 6,300 | |
| | ازسرنو اندازہ قدر کھاتے کے لیے | | | 11,300 |
| | (پلانٹ اور مشینری نیز پیٹنٹ کی قدر میں اضافہ) | | | |
| | ازسرنو اندازہ قدر کھاتہ Dr. | | 3,000 | |
| | متفرق دینداروں کے لیے | | | |
| | (ذمہ داریوں میں اضافہ) | | | 3,000 |
| | ازسرنو اندازہ قدر کھاتہ Dr. | | | 1,800 |
| | آر کے سرمایہ کے لیے | | | 1,200 |
| | (ایڈجسٹمنٹ شدہ منافع ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتوں میں منتقل کیا گیا) | | | |

## نقد کھاتہ

نام(Dr.) جمع(Cr.)

| تاریخ 2015 | تفصیلات | لیجر | رقم روپیے | تاریخ 2015 | تفصیلات | لیجر | رقم روپیے |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یکم جنوری | بیلنس b/d (Balance) | | 5,000 | | W کا کھاتہ | | 3,300 |
| | B کا سرمایہ | | 30,000 | | R کا کھاتہ | | 2,200 |
| | ساکھ (Goodwill) | | 11,000 | | بیلنس c/d | | 40,500 |
| | | | **46,000** | | | | **46,000** |

© NCERT Not to be Republished

## B کا سرمایہ کھاتہ

نام (Dr.) — جمع (Cr.)

| تاریخ 2015 | تفصیلات | لیجر | رقم روپیے | تاریخ 2015 | تفصیلات | لیجر | رقم روپیے |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یکم جنوری | Balance c/d | | 30,000 | 1 جنوری | Cash | | 30,000 |
| | | | **30,000** | | | | **30,000** |

## W کا سرمایہ کھاتہ

نام (Dr.) — جمع (Cr.)

| تاریخ 2015 | تفصیلات | لیجر | رقم روپیے | تاریخ 2015 | تفصیلات | لیجر | رقم روپیے |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 جنوری | کیش (Cash) | | 3,300 | | بیلنس b/d | | 40,000 |
| | بیلنس c/d | | 45,100 | | ساکھ | | 6,600 |
| | | | | | ازسرنو اندازۂ قدر | | 1,800 |
| | | | **48,400** | | | | **48,400** |

© NCERT Not to be Republished

## R کا سرمایہ کھاتہ

نام (Dr.) — جمع (Cr.)

| تاریخ 2015 | تفصیلات | لیجر | رقم روپیے | تاریخ 2015 | تفصیلات | لیجر | رقم روپیے |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 جنوری | نقد | | 2,200 | | بیلنس b/d | | 30,000 |
| | نقد در دست | | 33,400 | | ساکھ | | 4,400 |
| | | | | | ازسرنو اندازۂ قدر | | 1,200 |
| | | | **35,600** | | | | **35,600** |

## ازسرنواندازۂ قدر کھاتہ

نام(.Dr) | جمع(.Cr)

| تفصیلات | رقم (روپیے) | تفصیلات | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|
| مشکوک قرضوں کے لیے محفوظ | 300 | پلانٹ اور مشینری | 5,000 |
| اسٹاک | 5,000 | پیٹینٹ | 6,300 |
| متفرق قرض خواہ | 3,000 | | |
| منافع منتقل کیا گیا<br>W 3/5 1,800<br>R 2/5 1,200 | 3,000 | | |
| | **11,300** | | **11,300** |

## R،W اور B کی 01 جنوری 2013 کو بیلنس شیٹ

| ذمہ داریاں | | رقم (روپیے) | تفصیلات | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| متفرق قرض خوا | | 23,000 | نقد در دست | 40,500 |
| سرمایے | | | متفرق قرض دار | |
| W کو | 45,100 | | | |
| نفی: مشکوک قرضوں کے لیے محفوظ | | 19,000 | | |
| R کو | 33,400 | | اسٹاک(Stock) | 20,000 |
| B کو | 30,000 | 1,08,500 | پلانٹ اور مشینری | 40,000 |
| | | | پیٹینٹ | 12,000 |
| | | **1,31,500** | | **1,31,500** |

منافع کی تقسیم کا نیا تناسب ہوگا:

$$W = (1-\frac{4}{15})\times\frac{3}{5}=\frac{11}{15}\times\frac{3}{5}=\frac{33}{75}$$

$$R = (1-\frac{4}{15})\times\frac{2}{5}=\frac{11}{15}\times\frac{2}{5}=\frac{22}{75}$$

$$B = \frac{4}{15}=\frac{20}{75}$$

نیا تناسب ہے: 33:22:20

© NCERT Not to be Republished

## 3.9 موجودہ ساجھے داروں کے درمیان منافع کی تقسیم کے تناسب میں تبدیلی

بعض اوقات، فرم کے شرکا کسی نئے ساجھے دار کی شمولیت یا کسی ساجھے دار کی سبک دوشی کے بغیر ہی اپنے موجودہ منافع کی تقسیم کے تناسب منافع میں تبدیلی کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں۔ اس کے نتیجہ میں فرم کے مستقبل کے منافعوں میں چند ساجھے داروں کو فائدہ ہوتا ہے جب کہ دوسرے ساجھے داروں کو منافع میں اپنے حصہ کا نقصان ہوتا ہے۔ مثلاً A، B اور C ایک فرم میں ساجھے دار تھے اور ان کی منافع میں حصہ داری کا تناسب 8:5:3 ہے۔ ایسا محسوس کیا گیا کہ A فرم کے کام کاج میں سرگرم طور پر حصہ نہیں لے سکے گا۔ لٰہذا 1 اپریل 2007 سے انھوں نے فیصلہ کیا کہ مستقبل میں 5:6:5 کے تناسب میں منافع کو تقسیم کریں گے۔ نتیجتاً A کو منافع میں 3/16 $\left(\frac{8}{16}-\frac{5}{16}\right)$ کا نقصان ہوا جب کہ B اور C کو 1/16 $\left(\frac{6}{16}-\frac{5}{16}\right)$ اور 2/16 $\left(\frac{5}{16}-\frac{3}{16}\right)$ کا فائدہ ہوا۔ ایسی صورت حال میں، سب سے پہلے (اگر ہوتو) ساکھ کی قدر میں فایدے اور نقصان کا ایڈجسٹمنٹ کیا جائے گا۔ ایسا کرنے کے لیے منافع کی تقسیم کے پرانے تناسب میں ساکھ کھاتہ کو پوری قدر پر کھولا جاتا ہے اور اس کے بعد اسے نئے تناسب تقسیم منافع میں خارج (Write off) کیا جاتا ہے۔ بصورت دیگر، کتابوں میں ساکھ کھاتے کو دکھائے بغیر مناسب رقوم کے ساتھ نقصان میں جانے والے شرکا کو جمع (کریڈٹ) کیا جا سکتا ہے اور فائدے میں جانے والے شرکا کو ڈیبٹ کیا جا سکتا ہے۔ اس کا تذکرہ پہلے بھی نئے ساجھے دار کی شمولیت کے حوالے سے کیا جا چکا ہے۔

ساجھے دار کی شمولیت کی طرح منافع کی تقسیم کے تناسب میں کی جانے والی تبدیلی میں بھی ایڈجسٹمنٹ شامل ہو سکتی ہے ان ایڈجسٹمنٹ کا تعلق اثاثہ جات اور ذمہ داریوں کے ازسرنو اندازۂ قدر، جمع شدہ نفع اور نقصان کو ساجھے داروں کے منافع کی تقسیم کے پرانے تناسب میں ان سرمایہ کھاتوں پر منتقل کرنا اور ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتوں کو نئے تناسب تقسیم منافع سے تناسبی (Proprotionate) بنانے کے لیے ایڈجسٹمنٹ سے ہوتا ہے۔ یہ تمام کام اسی طرح کیے جاتے ہیں جیسا کہ ساجھے دار کی شمولیت کی صورت میں ہوتے ہیں۔

### مثال 30

دنیش، رمیش اور سریش ایک فرم میں ساجھے دار ہیں اور نفع اور نقصان میں ان کی حصے داری کا تناسب 3:3:2 ہے۔ انھوں نے 1 اپریل 2015 سے منافعوں کو مساوی تقسیم کرنے کا فیصلہ کیا۔ 31 مارچ 2016 کو ان کی بیلنس شیٹ حسب ذیل تھی:

© NCERT Not to be Republished

| ذمہ داریاں | رقم (روپیے) | اثاثہ جات | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|
| متفرق قرض خواہ | 1,50,000 | نقد در بینک | 40,000 |
| جنرل ریزرو | 80,000 | قابل وصول بل | 50,000 |
| ساجھے دار کا قرض | | متفرق قرض دار | 60,000 |
| دنیش:40,000 | | اسٹاک | 1,20,000 |
| رمیش:30,000 | 70,000 | قائم اثاثے | 2,80,000 |
| ساجھے دار کا سرمایہ | | | |
| دنیش:1,00,000 | | | |
| رمیش:80,000 | | | |
| سریش:70,000 | 2,50,000 | | |
| | **5,50,500** | | **5,50,500** |

© NCERT Not to be Republished

یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ:

1۔ قائم اثاثہ جات کی مالیت 3,31,000 روپیے پر ہونی چاہیے۔

2۔ قرض داروں پر 5% کا محفوظ برائے مشکوک قرضہ جات بنایا جائے گا۔

3۔ اس تاریخ پر فرم کی ساکھ کی قدر، گذشتہ پانچ برسوں کے اوسط خالص منافعوں کی 4½ سال کی خرید پر آنکی جائے گی۔ گذشتہ پانچ برسوں کے بالترتیب منافع تھے 14,000 روپیے، 17,000 روپیے، 20,000 روپیے، 22,000 روپیے اور 27,000 روپیے۔

4۔ اسٹاک کی قدر کو 1,12,000 روپیے تک کم کیا جانا ہے۔

5۔ ساکھ کتابوں میں نہیں دکھائی جاتی تھی۔ ضروری روزنامچہ اندراجات درج کیجیے اور فرم کی ترمیم شدہ بیلنس شیٹ تیار کیجیے۔

## حل:

### دنیش، رمیش اور سریش کی کتابیں روزنامچہ

| تاریخ | تفصیلات | لیجر فولیو | ڈیبٹ (روپیے) | کریڈٹ (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| 1 اپریل 2016 | قائم اثاثے A/c Dr | | 51,000 | |
| | A/c (قائم اثاثوں کی قدر میں اضافہ) | | | 51,000 |

| تاریخ | تفصیلات | ل.ف. | رقم (Dr.) | رقم (Cr.) |
|---|---|---|---|---|
| | ازسرنواندازہ قدر کھاتہ Dr. | | 11,000 | |
| | اسٹوک کے لیے | | | 8,000 |
| | قرض کے لیے پرووژن کے لیے | | | 3,000 |
| | (اسٹاک کی قدر میں کمی اور محفوظ برائے مشکوک قرضہ جات کا قیام) | | | |
| | ازسرنواندازہ قدر کھاتہ Dr. | | 40,000 | |
| | دنیش کے سرمایہ کے لیے | | | 15,000 |
| | رمیش کے سرمایہ کے لیے | | | 15,000 |
| | سریش کے سرمایہ کے لیے | | | 10,000 |
| | (ازسرنو اندازۂ قدر پر ہونے والے منافع کو ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتوں میں منافع کی تقسیم کے پرانے تناسب میں منتقل کیا گیا) | | | |
| | عمومی رزرو کھاتہ Dr. | | 80,000 | |
| | دنیش کے سرمایہ کے لیے | | | 30,000 |
| | رمیش کے سرمایہ کے لیے | | | 30,000 |
| | سریش کے سرمایہ کے لیے | | | 20,000 |
| | (عمومی ریزرو کو شرکا کے سرمایہ کھاتوں میں پرانے تناسب میں منتقل کیا گیا) | | | |
| | سریش کا سرمایہ Dr. | | 7,500 | |
| | دنیش کے سرمایہ کے لیے | | | **3,750** |
| | رمیش کے سرمایہ کے لیے | | | 3,750 |
| | ساجھے دار کے سرمایہ کھاتوں میں ان کے ایثار یا فائدے کے تناسب میں ایڈجسٹ کیا گیا | | | |

© NCERT Not to be Republished

عملی اشارے (ورکنگ نوٹس)

1۔ ساجھے داروں کا ایثار یا فائدہ

| | دنیش | رمیش | سریش |
|---|---|---|---|
| پرانا حصہ | 3/8 | 3/8 | 2/8 |
| نیا حصہ | 1/3 | 1/3 | 1/3 |
| فرق | 1/24 | 1/24 | 2/24 |
| | ایثار | ایثار | فائدہ |

2۔ ساکھ 14,000 روپے + 17,000 روپے + 20,000روپے + 22,000روپے + 27,000روپے = 1,00,000

اوسط منافع = $\frac{1,00,000}{5} = 20,000$ روپے

ساکھ = $20,000 \times 4\frac{1}{2}$ روپے = 70,000روپے

سریش سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ 7,500 روپے لائے گا

کیونکہ اسے منافع میں $\frac{2}{24}$ حصہ کا فائدہ ہوتا ہے۔

دنیش کو 3,750روپے وصول ہونے کی توقع ہے۔

کیونکہ وہ منافع میں $\frac{1}{24}$ حصہ کا ایثار کرتا ہے۔

رمیش کو 3,750 روپے وصول ہونے کی توقع ہے۔

کیونکہ وہ منافع میں $\frac{1}{24}$ حصہ کا ایثار کرتا ہے۔

اگر ہم نے پرانے تناسب میں ساکھ کھاتہ کھولا ہوتا اور اسے نئے تناسب میں خارج کیا ہوتا تب بھی اس کا اثر ایسا ہی پڑتا۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| (a) | ساکھ کھاتہ Dr. | | 90,000 | |
| | دنیش کے سرمایہ کے لیے | | | 33,750 |
| | رمیش کے سرمایہ کے لیے | | | 33,750 |
| | سریش کے سرمایہ کے لیے | | | 22,500 |
| (b) | دنیش کا سرمایہ Dr. | | 30,000 | |
| | رمیش کا سرمایہ Dr. | | 30,000 | |
| | سریش کا سرمایہ Dr. | | 30,000 | |
| | ساکھ کھاتے کے لیے | | | 90,000 |

3۔ سرمایہ کھاتے

| تاریخ | تفصیلات | لیجر | دنیش (روپیے) | رمیش (روپیے) | سریش (روپیے) | تاریخ | تفصیلات | لیجر | دنیش (روپیے) | رمیش (روپیے) | سریش (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | بیلنس b/d | | 1,00,000 | 80,000 | 70,000 | | دنیش کا کھاتہ | | | | 3,750 |
| | اندازۂ قدر پر منافع | | 15,000 | 15,000 | 10,000 | | رمیش کا کھاتہ | | | | 3,750 |
| | جنرل ریزرو 1 | | 30,000 | 30,000 | 20,000 | | بیلنس c/d | | 1,48,750 | 1,28,750 | 92,500 |
| | سریش کا کھاتہ | | 3,750 | 3,750 | | | | | | | |
| | | | **1,48,750** | **1,28,750** | **1,00,000** | | | | **1,48,750** | **1,28,750** | **1,00,000** |

© NCERT Not to be Republished

## 1 اپریل 2007 کو بیلنس شیٹ

| ذمہ داریاں | | رقم (روپیے) | اثاثہ جات | | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|
| متفرق قرض خواہ | | 1,50,000 | کیش بینک میں | | 40,000 |
| ساجھے دار کا قرض | | | قابل وصول بل | | 50,000 |
| دنیش: | 40,000 | | متفرق قرض دار | 60,000 | |
| رمیش | 30,000: | 70,000 | نفی: مشکوک قرضوں کے لیے محفوظ | | |
| سرمایے | | | | 3,000 | 57,000 |
| دنیش | 1,48,750 | | | | 1,12,000 |
| رمیش | 1,28,750: | | | | 3,31,00 |
| سریش | 92,500: | 3,70,000 | | | 3 70,000 |
| | | 5,90,000 | | | 5,90,000 |

© NCERT Not to be Republished

## اس باب میں متعارف کرائی گئی اصطلاحات

1۔ ساجھے داری فرم کی تشکیل نو

2۔ اثاثہ کی ازسرنو اندازہ قدر

3۔ ذمہ داریوں کا ازسرنو تجزیہ

4۔ غیر تقسیم شدہ اور اکٹھا کیا ہوا نفع اور نقصان

5۔ اکٹھا کیا ہوا نقصان

6۔ ساکھ

7۔ نفع تقسیم تناسب

8۔ ریزرو (محفوظ)

9۔ ازسرنو اندازہ قدر کھاتہ

10۔ ایثاری تناسب

11۔ نفع تقسیم تناسب میں تبدیلی

## خلاصہ (Summary)

1۔ ساجھے دار کی شمولیت کے وقت ایڈجسٹمنٹ طلب امور: مختلف امور جن کا ایڈجسٹمنٹ نئے ساجھے دار کی شمولیت کے وقت فرم کی کتابوں میں لازمی ہوجاتا ہے،ان میں ساکھ،اثاثے اور ذمہ داریوں کا ازسرنو قدر،محفوظات اور دیگر جمع شدہ منافع اور نقصانات پرانے ساجھے داروں کے سرمایے وغیرہ سب شامل ہیں۔

2۔ تقسیم منافع کے نئے تناسب کا تعین اور ایثاری تناسب کا حساب (Determining the new Profit sharing ratio and Calculating sacrifycing ratio) : نیا ساجھے دار پرانے ساجھے داروں سے منافع میں حصہ وصول کرتا ہے جس سے پرانے ساجھے داروں کے حصے نفع میں کمی واقع ہوتی ہے لہٰذا تقسیم منافع کے نئے تناسب کے تعین میں نئی فرم کے منافع میں پرانے ساجھے داروں کا نیا حصہ طے کرنا بھی شامل ہوتا ہے۔منافع میں نئے ساجھے دار کا حصہ اور وہ تناسب جو وہ پرانے ساجھے داروں سے وصول کرے گا سامنے رکھتے ہوئے ، ہر پرانے ساجھے دار کا نیا حصہ اس کے پرانے حصۂ منافع میں سے ایثاری حصہ کو گھٹا کر نکالا جائے گا۔وہ تناسب جس پر پرانے ساجھے دار نئے ساجھے دار کے لیے اپنے حصے کا ایثار کرنے پر راضی ہوجائیں اسے ایثاری تناسب کہا جاتا ہے۔عموماً یہ وہی تناسب ہوتا ہے جو کہ تقسیم منافع کا پرانا تناسب تھا۔تاہم معاہدے کی بنیاد پر یہ مختلف بھی ہوسکتا ہے۔

3. ساکھ کا تصفیہ (Treatment of Goodwill) : ساکھ ایک غیر مرئی اثاثہ ہے اور اس کا تعلق ایک نقطۂ وقت پر اس کے مالک سے ہوتا ہے۔ نئے ساجھے دار کی شمولیت پر فرم کی ساکھ کا تعلق پرانے ساجھے داروں سے ہوتا ہے۔اس سے مراد یہ ہے کہ نئے ساجھے دار کی شمولیت پر ساکھ کے لیے پرانے ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتوں میں کچھ ایڈجسٹمنٹ کرنے چاہئیں تاکہ نیا ساجھے دار اس منافع میں حصہ حاصل نہ کرسکے جو کہ فرم اس ساکھ کے باعث کماتی ہے جو نئے ساجھے دار کی شمولیت سے پہلے اس کی تھی یا پھر یہ ہو کہ نیا ساجھے دار اس ساکھ کے لیے کچھ ادائیگی کردے۔وہ رقم جو کہ نیا ساجھے دار ساکھ کے لیے ادا کرتا ہے اسے ساکھ کہا جاتا ہے۔کھاتہ داری کے نقطۂ نظر سے نئے ساجھے دار کی شمولیت کے وقت ساکھ کے تصفیہ کے لیے فرم کو مختلف صورتوں کا سامنا ہوتا ہے، نئے ساجھے دار کے ذریعہ لائی گئی پریمیم کی رقم کو پرانے ساجھے داروں کے ذریعہ ایثاری تناسب میں تقسیم کیا جاتا ہے۔اگر نیا ساجھے دار ساکھ کے لیے اپنے حصہ کی پریمیم کی رقم نقد لانے سے معذور رہتا ہے تب نئے ساجھے دار کے سرمایہ کھاتے کو اس کے حصہ کی پریمیم (ساکھ) سے ڈیبٹ کیا جاتا ہے اور پرانے ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتوں کو ان کے ایثاری تناسب میں جمع (کریڈٹ) کیا جاتا ہے۔

4۔ اثاثوں اور ذمہ داریوں کا از سر نو اندازۂ قدر : اگر نئے ساجھے دار کی شمولیت کے وقت اثاثوں اور ذمہ داریوں

© NCERT Not to be Republished

کا از سر نو اندازۂ قدر ہو یا کچھ اثاثے یا ذمہ داریاں غیر مندرج پائے جائیں تو از سر نو اندازۂ قدر کھاتے کے ذریعہ ضروری ایڈجسٹمنٹ کیے جاتے ہیں اور اس عمل سے سامنے آنے والے نفع یا نقصان کو پرانے ساجھے داروں میں ان کے تقسیم شدہ منافع کے پرانے تناسب کے مطابق تقسیم کر دیا جاتا ہے۔

5۔ محفوظات اور جمع شدہ نفع /نقصان کا ایڈجسٹمنٹ : اگر کسی ساجھے دار کی شمولیت کے وقت فرم کی کتابوں میں ریزرو (Reserve) رقم اور 'جمع شدہ نفع یا نقصان' موجود ہو تو اس کو پرانے ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتوں/چالو کھاتوں میں ان کے تقسیم منافع کے پرانے تناسب کے مطابق منتقل کر دینا چاہیے۔

6۔ ساجھے داروں کے سرمایوں کا تعین /ایڈجسٹمنٹ (Determining/Adjusting Partners' Capitals): بشرط رضا مندی ساجھے داروں کے سرمایہ کا ایڈجسٹمنٹ کیا جا سکتا ہے تا کہ وہ ان کے تقسیم منافع کے نئے تناسب کے برابر ہو جائے۔ اس صورت میں نئے ساجھے دار کے سرمایے کو عام طور پر پرانے ساجھے داروں کے نئے سرمایے کے تعین کی بنیاد بنایا جاتا ہے اور نقدی یا ساجھے داروں کے چالو کھاتوں کے ذریعہ ضروری تسویے کر دیے جاتے ہیں۔ نئے ساجھے دار کی شمولیت کے بعد ساجھے داروں کے سرمایے کے تعین کے لیے دوسری بنیادیں بھی موجود ہو سکتی ہیں۔ جیسے نئے ساجھے دار کی شمولیت کے فوراً بعد فرم میں موجود کل سرمائے کی تقسیم

7۔ منافع کی تقسیم کے تناسب میں تبدیلی : بعض اوقات، فرم کے ساجھے دار منافع کی تقسیم کے تناسب میں تبدیلی کرنے پر رضا مند ہوتے ہیں۔ نتیجتاً مستقبل کے منافع میں چند ساجھے داروں کو فائدہ ہوتا ہے جب کہ دوسروں کو نقصان ہوتا ہے۔ ایسی صورت حال میں وہ ساجھے دار جسے منافع میں تبدیلی سے فائدہ ہوتا ہے اسے نقصان میں جانے والے ساجھے داروں کی اتنی ہی رقم سے بھرپائی کرنی پڑتی ہے جتنا کہ انھوں نے دوسرے ساجھے دار کا منافع کا حصہ لیا ہے۔ معاوضے کی ادائیگی سے قطع نظر، تقسیم منافع کے تناسب کی صورت میں ساجھے دار کے سرمایہ کھاتوں میں ضروری ایڈجسٹمنٹ کرنا پڑتا ہے جن کا تعلق غیر منقسم منافع اور ریزرو اثاثوں اور ذمہ داریوں کے از سر نو اندازۂ قدر سے ہوتا ہے۔

## مشق کے لیے سوالات

### مختصر جوابی سوالات

1۔ مختلف امور کی نشاندہی کیجیے جن کا ایڈجسٹمنٹ نئے ساجھے دار کی شمولیت کے وقت کیا جاتا ہے۔

2۔ جب نئے ساجھے دار کو شامل کیا جاتا ہے تب پرانے ساجھے داروں کو تقسیم منافع کے نئے تناسب کو معلوم کرنے کی کیوں ضرورت ہوتی ہے؟

© NCERT Not to be Republished

3۔ ایثاری تناسب کیا ہے؟اس کا حساب کیوں لگایا جاتا ہے؟

4۔ ایثاری تناسب کا استعمال کن موقعوں پر کیا جاتا ہے؟

5۔ اگر کتابوں میں پہلے سے کچھ ساکھ موجود ہواور نیا ساجھےدار اپنے حصے کی ساکھ کی رقم نقد لے آئے تو ایسی صورت میں آپ ساکھ کی موجودہ رقم کا تصفیہ (Treatment) کیسے کریں گے؟

6۔ ساجھےدار کی شمولیت کے وقت اثاثہ جات اور ذمہ داریوں کا ازسرنو اندازۂ قدر کی ضرورت کیوں ہوتی ہے؟

## طویل جوابی سوالات

1۔ کیا آپ کی رائے میں ساجھےدار کی شمولیت کے وقت اثاثہ جات اور ذمہ داریوں کا ازسرنو اندازۂ قدر کیا جانا چاہیے؟ اگر ہاں؟ تو کیوں؟ یہ بھی واضح کیجیے کہ کھاتہ کی کتاب میں اس کا تصفیہ کس طرح ہوگا؟

2۔ ساکھ کیا ہے؟ ساکھ کو متاثر کرنے والے عوامل تحریر کیجیے۔

3۔ ساکھ کے اندازۂ قدر کے مختلف طریقوں کی وضاحت کیجیے۔

4۔ اگر اس بات پر رضامندی ہو کہ تمام ساجھےداروں کے سرمایہ کھاتے تقسیم منافع کے نئے تناسب کے برابر ہوں گے تو آپ ہر ساجھےدار کا نیا سرمایہ کیسے معلوم کریں گے؟ مثالیں دیجیے اور بتایئے کہ ضروری ایڈجسٹمنٹ کیسے کیے جائیں گے۔

5۔ وضاحت کیجیے کہ آپ ساکھ کا تصفیہ کیسے کریں گے اگر نیا ساجھےدار اپنے حصہ کی ساکھ کی رقم نقد لانے سے قاصر (معذور) ہو؟

6۔ نئے ساجھےدار کی شمولیت پر ساکھ کے تصفیے کے مختلف طریقوں کی وضاحت کیجیے۔

7۔ نئے ساجھےدار کی شمولیت پر جمع شدہ منافعوں اور نقصانات کا تصفیہ آپ کیسے کریں گے؟

8۔ ازسرنو اندازۂ قدر کے واجب ہونے کے بعد فرم کی کتابوں میں اثاثہ جات اور ذمہ داریوں کی قدر کن اعداد پر ظاہر ہوتی ہے۔ ایک فرضی بیلنس شیٹ کی مدد سے دکھایئے۔

© NCERT Not to be Republished

## عددی سوالات (Numerical Questions)

1. A اور B ایک فرم میں ساجھےدار ہیں اور 3:2 کے تناسب میں نفع اور نقصان کو تقسیم کرتے ہیں، انھوں نے C کو منافع میں 1/6 حصہ کے لیے کاروبار میں شامل کیا۔ تقسیم منافع کا نیا تناسب معلوم کیجیے؟

(**جواب:** 3:2:1)

2۔ A,B, اور C 3:2:1 کے تناسب سے نفع اور نقصان میں شریک ہیں۔ انھوں نے D کو منافع کے 10% کے لیے ساجھےدار بنایا۔ ساجھےداری کی تقسیم منافع کا نیا تناسب شمار کیجیے۔

(**جواب:** 9:6:3:2)

3۔ X اور Y 5:3 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصہ دار ہیں۔ انھوں نے Z کو 1/10 حصہ کے لیے ساجھا کاروبار میں شامل کیا

جو کہ اپنا حصہ مکمل طور پر X اور Y سے وصول کرتا ہے۔ منافع کی تقسیم کا نیا تناسب شمار کیجیے۔
(جواب: 23:13:4)

4۔ A،B اور C 2:2:1 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصہ دار ہیں۔ D کو 1/8 حصہ کے لیے کاروبار میں شامل کیا گیا جو کہ اپنا حصہ مکمل طور پر A سے وصول کرتا ہے۔ ساجھے داری کی تقسیم منافع کے نئے تناسب شمار کیجیے۔
(جواب: 11:16:8:5)

5۔ P اور Q 2:1 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصہ دار ہیں۔ انھوں نے R کو 1/5 حصہ دے کر ساجھے داری میں شامل کیا جو کہ P اور Q سے یہ حصہ 1:2 کے تناسب میں وصول کرتا ہے۔ ساجھے داری کی تقسیم منافع کا نیا تناسب شمار کیجیے۔
(جواب: 3:1:1)

6۔ A،B اور C 3:3:2 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصہ دار ہیں۔ انھوں نے 1/5 حصہ کے لیے D کو نیا ساجھے دار بنایا جسے وہ A،B اور C سے یہ حصہ بالترتیب 2:2:1 کے تناسب سے وصول کرتا ہے۔ ساجھے داری کی تقسیم منافع کا نیا تناسب شمار کیجیے۔
(جواب: 61:36:43:35)

7۔ A اور B 3:2 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصہ دار ہیں۔ انھوں نے C کو 3/7 حصہ کے لیے ساجھے دار بنایا جو کہ وہ 2/7 A سے اور 1/7 B سے حاصل کرتا ہے۔ ساجھے داری کی تقسیم منافع کا نیا تناسب شمار کیجیے۔
(جواب: 11:9:15)

8۔ A،B اور C ایک فرم میں 3:3:2 کے تناسب سے منافع میں ساجھے دار ہیں۔ انھوں نے D کو منافع کے 4/7 حصہ کے لیے نیا ساجھے دار بنایا۔ D اپنے حصہ کا 2/7 A سے اور 1/7 B سے اور 1/7 C سے وصول کرتا ہے تقسیم منافع کا نیا تناسب شمار کیجیے۔
(جواب: 5:13:6:32)

9۔ رادھا اور رکمنی 3:2 کے تناسب سے ایک فرم کے منافع میں حصہ دار ہیں انھوں نے گوپی کو نیا ساجھے دار بنایا۔ رادھا گوپی کے حق میں اپنے حصہ کے 1/3 سے دستبردار ہوئی اور رکمنی گوپی کے حق میں اپنے حصہ کے 1/4 سے دستبردار ہوئی۔ تقسیم منافع کا نیا تناسب شمار کیجیے۔
(جواب: 4:3:3)

10۔ سنگھ، گپتا اور خان 3:2:3 کے تناسب میں ایک فرم کے منافع میں حصہ دار ہیں۔ انھوں نے جین کو نیا ساجھے دار بنایا۔ سنگھ جین کے حق میں اپنے حصہ کے 1/3 سے دستبردار ہوا۔ گپتا جین کے حق میں اپنے حصے کے 1/4 سے دستبردار ہوا اور خان جین کے حق میں اپنے حصہ کے 1/5 سے دستبردار ہوا۔ تقسیم منافع کا نیا تناسب شمار کیجیے۔
(جواب: 20:15:24:21)

11۔ سندیپ اور نودیپ 5:3 کے تناسب سے ایک فرم کے منافع میں ساجھے دار ہیں۔ انھوں نے C کو فرم میں شامل کیا اور تقسیم

©NCERT Not to be Republished

منافع کے نئے تناسب کا 4:2:1 ہونے پر اتفاق ہوا۔ ایثاری تناسب شمار کیجیے۔

(**جواب:** 1:1)

12۔ راؤ اور سوامی ایک فرم میں ساجھے دار ہیں اور نفع نقصان کو 3:2 کے تناسب میں بانٹتے ہیں۔ انھوں نے روی کو منافع میں 1/8 حصہ کے لیے نیا ساجھے دار بنایا۔ راؤ اور سوامی کے درمیان تقسیم منافع کا نیا تناسب 4:3 ہے۔ تقسیم منافع کا نیا تناسب اور ایثاری تناسب شمار کیجیے۔ (جواب: منافع کا نیا تناسب 4:3:1 اور ایثاری تناسب 4:1)

13۔ گذشتہ پانچ برسوں کے اوسط منافع کی چار سال کی خریداری کی بنیاد پر ساکھ کی قدر کا حساب لگایئے؟ گذشتہ پانچ برسوں کے منافع حسب ذیل ہیں:

| | روپیے |
|---|---|
| 2011 | 40,000 |
| 2012 | 50,000 |
| 2013 | 60,000 |
| 2014 | 50,000 |
| 2015 | 60,000 |

(**جواب:** 2,08,000 روپیے)

14۔ ایک کاروبار میں لگا ہوا سرمایہ 2,00,000 روپیے ہے۔ اس سرمائے پر ریٹرن کی نارمل شرح 15% ہے۔ سال 2002 کے دوران فرم نے 4,800 روپیے کا منافع کمایا۔ زائد منافع کی 3 برسوں کی خریداری کی بنیاد پر فرم کی ساکھ معلوم کیجیے۔

(**جواب:** 5,400 روپیے)

15۔ 31.12.2016 کو رام اور بھگت کی کتابیں 5,00,000 روپیے کا لگا ہوا سرمایہ دکھاتی ہیں اور گزشتہ 5 برسوں کا منافع ہے:
2015-40,000 روپیے، 2014-50,000 روپیے، 2013-55,000 روپیے، 2012 -70,000
اور 2011-85,000۔ یہ فرض کرتے ہوئے کہ ریٹرن کی نارمل شرح 10% ہے گذشتہ پانچ برسوں کے اوسط زائد منافع کی 3 سالوں کی خریداری پر ساکھ کی قدر کا شمار کیجیے۔

(**جواب:** 30,000 روپیے)

16۔ راجن اور رجنی ایک فرم میں ساجھے دار ہیں۔ ان کے سرمائے بالترتیب 3,00,000 روپیے اور 2,00,000 روپیے تھے۔ سال 2015 کے دوران فرم نے 1,50,000 روپیے کا منافع کمایا۔ یہ فرض کرتے ہوئے کہ ریٹرن کی نارمل شرح 20% ہے

© NCERT Not to be Republished

فرم کی ساکھ کی قدر کا حساب لگائیے۔

(جواب: 2,50,000 روپے)

17۔ گزشتہ چند برسوں کے دوران ایک فرم نے 1,00,000 روپے کا اوسط منافع کمایا۔ کیپٹلائزیشن طریقے (Capitalization Method) سے ساکھ کی قدر معلوم کیجیے۔ کاروبار کے اثاثہ جات 10,00,000 روپے کے ہیں اور اس کی بیرونی ذمہ داریاں 1,80,000 روپے کی دی گئی ہیں۔ ریٹرن کی نارمل شرح 10% ہے؟

(جواب: 1,80,000 روپے)

18۔ ورما اور شرما ایک فرم میں ساجھے دار ہیں اور نفع نقصان کو 5:3 کے تناسب میں تقسیم کرتے ہیں۔ انھوں نے گھوش کو منافع کے 1/5 حصہ کے لیے نئے ساجھے دار کے طور پر شامل کیا۔ گھوش کو بطور سرمایہ 20,000 روپے اور اپنی ساکھ کے حصہ کے طور پر 4,000 روپے پریمیم کے لانے ہیں۔ ضروری روزنامچہ اندراجات درج کیجیے۔

a) جب کہ ساکھ کی رقم کو کاروبار میں روکے رکھا جائے۔

b) جب کہ ساکھ کی رقم کو مکمل طور پر کاروبار سے نکال لیا جائے۔

c) جب کہ ساکھ کی رقم کا 50% کاروبار سے نکال لیا جائے۔

d) جب کہ ساکھ ذاتی طور پر ادا کی جائے۔

19۔ A اور B ایک فرم میں ساجھے دار ہیں اور نفع نقصان کو 3:2 کے تناسب میں تقسیم کرتے ہیں انھوں نے منافع کے 1/4 حصہ کے ساتھ c کو ساجھے داری میں شامل کیا۔ c سرمائے کے لیے 30,000 روپے اور ساکھ کی ضروری رقم بطور پریمیم لائے گا۔ فرم کی ساکھ کی قدر 20,000 روپے پر آنکی گئی ہے۔ تقسیم منافع کا نیا تناسب 2:1:1 ہے۔ A اور B اپنے حصہ کی ساکھ کاروبار سے نکال لیتے ہیں۔ ضروری روزنامچہ اندراجات درج کیجیے۔

20۔ آرتی اور بھارتی ایک فرم میں ساجھے دار ہیں اور منافع کو 3:2 کے تناسب میں تقسیم کرتی ہیں۔ انھوں نے سارتھی کو فرم کے منافعوں میں 1/4 حصہ کے ساتھ ساجھے داری میں شامل کیا۔ سارتھی 50,000 روپے سرمایہ کے طور پر اور 10,000 روپے اپنی ساکھ کے 1/4 حصے کے طور پر لائی۔ آرتی اور بھارتی کی کتابوں میں 5,000 روپے کی ساکھ پہلے سے موجود ہے۔ آرتی، بھارتی اور سارتھی کے درمیان منافع کی تقسیم کا نیا تناسب 2:1:1 ہوگا۔ نئی فرم کی کتابوں میں ضروری روزنامچہ اندراجات درج کیجیے۔

21۔ X اور Y ایک فرم میں ساجھے دار ہیں اور 4:3 کے تناسب میں نفع نقصان کو تقسیم کرتے ہیں۔ انھوں نے Z کو 1/8 حصہ کے

© NCERT Not to be Republished

لیے کاروبار میں شریک کیا۔Z اپنے سرمایے کے لیے 20,000 روپیے اور اپنی ساکھ کے 1/8 حصہ کے لیے 7,000 روپیے لایا۔X, Y اور Z نے یہ فیصلہ کیا کہ وہ اپنی کتابوں میں ساکھ کو 40,000 روپیے دکھائیں گے۔X,Y اور Z کی کتابوں میں ضروری روزنامچہ اندراجات درج کیجیے۔

22۔ آدتیہ اور بالن 3:2 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصہ دار ہیں۔انھوں نے کرسٹوفر کو منافع میں 1/4 حصہ کے لیے ساجھے دار بنایا۔تقسیم منافع کا نیا تناسب 2:1:1 ہے۔کرسٹوفر اپنے سرمائے کے لیے 50,000 روپیے لایا۔اس کے حصہ کی ساکھ 15,000 روپیے کی تھی۔کرسٹوفر اپنے حصے کی ساکھ میں صرف 10,000 روپیے ہی لا سکا،فرم کی کتابوں میں ضروری روزنامچہ اندراجات درج کیجیے۔

23۔ امر اور ثمر 3:1 کے تناسب سے فرم کے نفع نقصان میں حصے دار ہیں۔انھوں نے کنور کو منافع کے 1/4 حصہ کے لیے ساجھے دار بنایا۔کنور اپنے حصہ کی ساکھ پریمیم کا حصہ نقد نہیں لا سکا۔کنور کی شمولیت کے وقت فرم کی ساکھ کی قدر 80,000 روپیے تھی۔کنور کی شمولیت پر ساکھ کے لیے ضروری روزنامچہ اندرجات کیجیے۔

24۔ موہن لال اور سوہن لال 3:2 کے تناسب سے فرم کے نفع نقصان میں حصے دار ہیں۔انھوں نے 1.1.2003 کو 1/4 حصے کے لیے رام لال کو ساجھے دار بنایا۔اس بات پر رضامندی ہوئی کہ فرم کی ساکھ کی قدر گزشتہ چار برسوں کے اوسط منافع کی 3 سال کی خریداری پر آنکی جائے گی۔ گزشتہ چار برسوں کا منافع تھا:2013-50,000 روپیے 2014-60,000 روپیے، 2015-90,000 روپیے، 2016-70,000 روپیے۔رام لال اپنے حصہ کی ساکھ (پریمیم) کی رقم نقد نہیں لایا۔رام لال کی شمولیت پر فرم کی کتابوں میں ضروری روزنامچہ اندرجات درج کیجیے۔جب کہ:

a) ساکھ کتابوں میں پہلے سے ہی 2.02.500 روپیے پر دکھائی گئی ہو۔

b) ساکھ کتابوں میں 2,500 روپیے پر دکھائی گئی ہو۔

c) ساکھ کتابوں میں 2.05.000 روپیے پر دکھائی گئی ہو۔

25۔ راجیش اور مکیش فرم میں مساوی ساجھے دار ہیں۔انھوں نے ہری کو ساجھے داری کاروبار میں شامل کیا۔راجیش، مکیش اور ہری کے درمیان تقسیم منافع کا نیا تناسب 4:3:2 ہے۔ہری کی شمولیت پر فرم کی ساکھ کی قدر 36,000 روپیے تھی۔ہری اپنے حصہ کی ساکھ نقد لانے سے قاصر رہا۔راجیش، مکیش اور ہری نے فیصلہ کیا کہ وہ اپنی بیلنس شیٹ میں ساکھ کو نہیں دکھائیں گے۔ہری کی شمولیت پر ساکھ کا تصفیہ کرنے کے لیے ضروری روزنامچہ اندراجات درج کیجیے۔

26۔ امر اور اکبر ایک فرم میں برابر کے ساجھے دار ہیں۔انھوں نے انتھونی کو نیا ساجھے دار بنایا اور نئے منافع کی تقسیم کا تناسب

© NCERT Not to be Republished

4:3:2 ہے۔ انھونی اپنے حصہ ساکھ کی رقم جو کہ 45,000 روپیے تھی نقد نہیں لا سکا۔ ساکھ کھاتہ کھولے بغیر ساکھ کا تصفیہ (Treatment) کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ ساکھ کے تصفیہ کے لیے ضروری روزنامچہ اندراجات درج کیجیے۔

27۔ A اور B کی بیلنس شیٹ ذیل میں دی گئی ہے جو کہ 31.12.2016 کو ساجھے داری میں کاروبار چلا رہے ہیں۔ A اور B 2:1 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصے دار ہیں۔

**31 دسمبر 2006 کو A اور B کی بیلنس شیٹ**

| ذمہ داریاں | | رقم (روپیے) | اثاثہ جات | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| قابل ادا بل | | 10,000 | نقد در دست | 10,000 |
| قرض خواہ | | 58,000 | نقد در بینک | 40,000 |
| باقی اخراجات | | 2,000 | متفرق قرض دار | 60,000 |
| | | | اسٹاک | 40,000 |
| سرمایہ | | | پلانٹ | 1,00,000 |
| A | 1,80,000 | | عمارت | 1,50,000 |
| B | 1,50,000 | 3,30,000 | | |
| | | **4,00,000** | | **4,00,000** |

© NCERT Not to be Republished

بیلنس شیٹ کی تاریخ کو حسب ذیل شرائط پر C کو نیا ساجھے دار بنایا گیا۔

(i) C اپنے سرمائے کے طور پر 1,00,000 روپیے اور منافع میں 1/4 حصہ کے لیے، ساکھ میں اپنے حصہ کے طور پر 60,000 روپے لائے گا

(ii) پلانٹ کی مالیت میں 1,20,000 روپیے تک کا اضافہ کرنا ہے اور عمارتوں کی قدر میں 10% کا اضافہ کرنا ہے۔

(iii) اسٹاک کی قدر 4,000 روپیے زیادہ آنکی ہوئی پائی گئی۔

(vi) قرض داروں پر ڈوبے ہوئے اور مشکوک قرضوں کے لیے 5% کی محفوظ پیدا کی جائے گی۔

(v) 1,000 روپیے کے قرض خواہ (Creditors) غیر مندرج (unrecorded) تھے۔

ضروری روزنامچہ اندراج کیجیے، از سر نو اندازۂ قدر کھاتہ اور ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتے اور C کی شمولیت کے بعد بیلنس شیٹ تیار کیجیے۔

(**جواب**: از سر نو اندازۂ قدر پر فائدہ 27,000 روپیے، بیلنس شیٹ 5,88,000 روپیے)

28۔ لیلا اور میتا ایک فرم میں 5:3 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصہ دار ہیں۔ 1 جنوری 2017 کو انھوں نے اوم کو نیا ساجھے دار بنایا۔ اوم کی شمولیت کی تاریخ پر لیلا اور میتا کی بیلنس شیٹ جنرل ریزرو کی مد میں 16,000 روپے کا بیلنس اور نفع اور نقصان کھاتہ (کریڈٹ) میں 24,000 روپے کا بیلنس دکھاتا ہے۔ اوم کی شمولیت پر ان مدوں کے تصفیہ کے لیے ضروری روزنامچہ اندراجات درج کیجیے۔ لیلا، میتا اور اوم کے درمیان تقسیم منافع کا نیا تناسب 5:3:2 تھا۔

29۔ امت اور وِنے ایک فرم میں 3:1 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصہ دار ہیں۔ 1 جنوری 2017 کو انھوں نے راجن کو نیا ساجھے دار بنایا۔ راجن کی شمولیت پر امت اور وِنے کا نفع اور نقصان کھاتہ 40,000 روپے ڈیبٹ بیلنس کا اظہار کرتا ہے۔ اس کے تصفیہ کے لیے ضروری روزنامچہ اندراج کیجیے۔

30۔ A اور B 3/4 اور 1/4 کے تناسب سے نفع نقصان تقسیم کرتے ہیں۔ 31 دسمبر 2016 کو ان کی بیلنس شیٹ حسب ذیل تھی۔

**31 دسمبر 2016 کو A اور B کی بیلنس شیٹ**

| ذمہ داریاں | | رقم (روپیے) | اثاثہ جات | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| متفرق قرض خواہ | | 41,500 | نقد در بینک | 26,500 |
| ریزرو فنڈ | | 4,000 | قابل وصول بل | 3,000 |
| سرمایہ کھاتا | | | قرض دار | 16,000 |
| A | 30,000 | | اسٹاک | 20,000 |
| B | 16,000 | | فکسچر | 1,000 |
| | | | زمین اور عمارت | 25,000 |
| | | **91,500** | | **91,500** |

1 جنوری 2017 کو حسب ذیل شرائط پر C کو ساجھے داری میں شامل کیا گیا۔

a) C اپنے سرمائے کے طور پر 10,000 روپے ادا کرے گا۔

b) C ساکھ کے لیے 5,000 روپے ادا کرے گا۔ اس میں سے آدھی رقم A اور B کے ذریعہ نکالی جائے گی۔

c) اسٹاک اور فکسچر کو 10% اور 5% سے کم کرنا ہے۔ قابل وصول بلوں (Bills receivable) اور متفرق قرض داروں پر 5% محفوظ برائے مشکوک قرضات کی تخلیق کرنی ہے۔

d) اراضی وعمارات (land and buildings) کی قدر میں 20% کا اضافہ کیا جائے گا۔

e) چونکہ فرم کے خلاف نقصانات کا ایک مطالبہ ہے جس کے پیش نظر 1,000 روپے کی ایک دین داری تخلیق کی جانی ہے۔

© NCERT Not to be Republished

f) متفرق لین داروں (Sundry Debtors) میں شامل 650 روپے کی ایک مد کے دعوے کا امکان نہیں ہے۔ لہٰذا اسے خارج کیا جانا چاہیے۔

کتابوں میں ضروری روز نامچہ اندراجات درج کیجیے یہ قیاس کرتے ہوئے کہ A اور B کے درمیان تقسیم منافع کے تناسب میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔ نئی بیلنس شیٹ بھی تیار کیجیے۔

**(جواب:** ازسرنو اندازۂ قدر پر فائدہ 1,600 روپے، بیلنس شیٹ کا میزان 1,05,950 روپے)

31۔ A اور B 3:1 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصہ دار ہیں۔ 1 جنوری 2017 کو انھوں نے فرم کے منافع میں 1/4 حصہ کے لیے C کو نیا ساجھے دار بنایا۔ C فرم کے منافع میں 1/4 حصہ کے لیے 20,000 روپے لایا۔ ساکھ، اثاثوں اور ذمہ داریوں کے ازسرنو اندازۂ قدر وغیرہ سے متعلق تمام ایڈجسٹمنٹ کرنے کے بعد A اور B کے سرمایے بالترتیب 50,000 روپے اور 12,000 روپے ہیں۔ اس بات پر اتفاق ہوا کہ ساجھے داروں کے سرمایے تقسیم منافع کے نئے تناسب کے مطابق ہوں گے۔ A اور B کے نئے سرمایے معلوم کیجیے اور ضروری روز نامچہ اندراجات کیجیے یہ قیاس کرتے ہوئے کہ A اور B تقسیم منافع کے تناسب کے مطابق اپنے سرمایے بنانے کے لیے ضروری نقد کاروبار میں لائیں گے یا نکال کر لے جائیں گے (جو بھی صورت ہو)۔

32۔ پنکی، قمر اور روپا 3:2:1 کے تناسب سے ایک فرم میں حصہ دار ہیں۔ فرم کے منافع میں S کو 1/4 حصہ کے لیے ساجھے دار بنایا گیا جو کہ وہ 1/8 پنکی سے، اور 1/6 قمر اور روپا دونوں سے حاصل کرتی ہے۔ سیما کی شمولیت کے بعد نئی فرم کا کل سرمایہ 2,40,000 روپے ہوگا۔ سیما کو نئی فرم کے کل سرمایے کے 1/4 حصہ کے برابر نقد رقم لانی ہے۔ پرانے ساجھے داروں کے سرمایوں کا بھی ان کے تقسیم منافع کے تناسب کے مطابق ایڈجسٹمنٹ کیا جانا ہے۔ ساکھ، اثاثوں اور ذمہ داریوں کے ازسرنو اندازۂ قدر سے متعلق تمام ایڈجسٹمنٹ کے بعد پنکی، قمر اور روپا کے بالترتیب سرمایے 80,000 روپے، 30,000 روپے اور 20,000 روپے ہیں۔ تمام ساجھے داروں کے سرمایے معلوم کیجیے اور ساجھے داروں کے درمیان معاہدہ کے مطابق سرمایوں میں ایڈجسٹمنٹ کرنے کے لیے ضروری روز نامچہ اندراجات درج کیجیے۔

33۔ ارون، ببلو اور چیتن بالترتیب $\frac{6}{14}:\frac{5}{14}:\frac{3}{14}$ کے تناسب سے نفع نقصان میں حصہ دار ہیں۔ ان کی بیلنس شیٹ حسب ذیل ہیں۔

© NCERT Not to be Republished

| ذمہ داریاں | | رقم (روپیے) | اثاثہ جات | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| قرض خواہ | | 9,000 | اراضی اور عمارت | 24,000 |
| قابل ادا بل | | 3,000 | فرنیچر | 3,500 |
| سرمایہ کھاتہ | | | اسٹاک | 14,000 |
| ارون | 19,000 | | قرض دار | 12,600 |
| ببلو | 16,000 | | نقد | 900 |
| چیتن | 8,000 | 43,000 | | |
| | | **55,000** | | **55,000** |

© NCERT Not to be Republished

انھوں نے مندرجہ ذیل شرائط پر دیپک کو منافع کے 1/8 حصہ کے لیے ساجھا کاروبار میں شامل کیا: a) دیپک 4,200 روپے بطور ساکھ اور 7,000 روپے بطور سرمایہ لائے گا۔ b) فرنیچر پر 12% فرسودگی لگا کر اس کی قدر کو کم کرنا ہے c) اسٹاک پر 10% فرسودگی لگا کر اس کی قدر میں کمی کی جاتی ہے (d) 5% کا ریزرو برائے مشکوک قرضات تخلیق کرنا ہے (e) اراضی وعمارات کی قدر میں اضافہ ہوا ہے اسے بڑھا کر 31,000 روپے تک کرنا ہے: (f) تمام ایڈجسٹمنٹ کرنے کے بعد پرانے ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتوں (جو کہ پہلے کے تناسب کے مطابق نفع نقصان میں حصہ دار رہیں گے) کا ایڈجسٹمنٹ کاروبار میں دیپک کے حصہ کے سرمائے کی بنیاد پر کرنا ہے یعنی کہ پرانے ساجھے داروں کو یا تو نقد رقم ادا کی جائے گی یا پھر وہ نقد رقم لے کر آئیں گے۔

نئی فرم کا نقد کھاتہ، نفع اور نقصان ایڈجسٹمنٹ کھاتہ (از سر نو اندازۂ قدر کھاتہ اور شروعاتی بیلنس شیٹ تیار کیجیے

**(جواب:** از سر نو اندازۂ قدر پر فائدہ 4,550 روپے، بیلنس شیٹ کا میزان 68,000 روپے)

34۔ آزاد اور ببلی ایک فرم میں 2:1 کے تناسب سے حصہ دار ہیں۔ چیتن کو منافع میں 1/4 حصہ کے لیے ساجھے دار بنایا گیا۔ چیتن بطور سرمایہ 30,000 روپے لائے گا اور آزاد اور ببلی کے سرمایوں کا ایڈجسٹمنٹ تقسیم منافع کے تناسب کے مطابق کیا جائے گا۔ آزاد اور ببلی کی بیلنس شیٹ 31 دسمبر 2016 (چیتن کی شمولیت سے قبل) کو حسب ذیل تھی۔

### 31.12.2016 کو A اور B کی بیلنس شیٹ

| ذمہ داریاں | | رقم (روپیے) | اثاثہ جات | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| قرض خواہ | | 8,000 | نقد در دست | 2,000 |
| قابل ادا بل | | 4,000 | نقد در بینک | 10,000 |
| جنرل ریزرو | | 6,000 | متفرق قرض دار | 8,000 |
| سرمایہ کھاتہ | | | اسٹاک | 10,000 |
| آزاد | 50,000 | | فرنیچر | 5,000 |
| ببلی | 32,000 | 82,000 | مشینری | 25,000 |
| | | | عمارت | 40,000 |
| | | **1,00,000** | | **1,00,000** |

© NCERT Not to be Republished

باہمی اتفاق ہوا کہ:

i) چیتن بطور حصہ ساکھ کا پریمیم 12,000 روپے لائے گا۔

ii) بلڈنگ کی قدر 45,000 روپے اور مشینری کی قدر 23,000 روپے آنکی گئی۔

iii) قرض داروں (debtors) پر 6% کی شرح سے محفوظ برائے مشکوک قرضات پر قائم کرنا ہے۔

iv) چالو کھاتے کھول کر آزاد اور ببلی کے سرمایہ کھاتوں کا ایڈجسٹمنٹ کیا جانا ہے۔

ضروری روزنامچہ اندراجات درج کیجیے، ضروری لیجر کھاتے دکھایئے اور شمولیت کے بعد بیلنس شیٹ تیار کیجیے۔

(جواب: از سر نو اندازۂ قدر پر فائدہ 2,520 روپے، بیلنس شیٹ 1,44,520 روپے)

35۔ آشش اور دتہ ایک فرم میں 3:2 کے تناسب سے نفع نقصان میں ساجھے دار ہیں۔ انھوں نے 1 جنوری 2016 کو منافع کے 1/5 حصہ کے لیے ول کو ساجھے دار بنایا۔ اس تاریخ پر آشش اور دتہ کی بیلنس شیٹ حسب ذیل تھی۔

## 1.1.2016 کو A اور B کی بیلنس شیٹ

| ذمہ داریاں | رقم (روپیے) | اثاثہ جات | | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| قرض خواہ | 15,000 | اراضی اور زمین | | 35,000 |
| قابل ادا بل | 10,000 | پلانٹ | | 45,000 |
| آشش کا سرمایہ | 80,000 | قرض دار | 22,000 | |
| دتّا کا سرمایہ | 35,000 | کم کریں: کھانے پینے کی اشیا | 2,000 | 20,000 |
| | | اسٹاک | | 35,000 |
| | | نقد | | 5,000 |
| | **1,40,000** | | | **1,40,000** |

© NCERT Not to be Republished

باہمی اتفاق ہوا کہ:

i) اراضی و عمارات کی قدر میں 15,000 روپے سے اضافہ کیا جائے گا۔

ii) پلانٹ کی قدر میں 10,000 روپے سے اضافہ کیا جائے گا۔

iii) فرم کی ساکھ کی قدر 20,000 روپے آنکی گئی۔

iv) ونل کو نئی فرم کے کل سرمایے کے 1/5 کے مساوی سرمایہ لانا ہے۔

ضروری روزنامچہ اندراجات درج کیجیے اور ونل کی شمولیت کے بعد فرم کی بیلنس شیٹ تیار کیجیے۔

(جواب: از سرِ نو اندازۂ قدر پر فائدہ 25,000 روپے، بیلنس شیٹ کا میزان 2,25,000 روپے)

## اپنی فہم کی جانچ کے لیے فہرست

اپنی فہم کی جانچ کیجیے – I

1۔ (a),1 (a),2 (b)3

اپنی فہم کی جانچ کیجیے—II

1۔ (c) (b)2, (c)3, (b)4, (b)5,